DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 07.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کی ترقی اولین ترجیح کراچی چمن شاہراہ کا منصوبہ دو سال میں مکمل کیا جائے، شہباز شریف | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | قومی شاہراہ این 25 تجارتی سرگرمیوں کیلئے اہمیت کی حامل ہے، جعفر خان مندوخیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | بھارت کے یکطرفہ اقدامات نے دو ایٹمی طاقتوں کو خطرناک تصادم کے دہانے پر لا کھڑا کیا، وزیراعلیٰ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | مچھ میں سیکورٹی فورسز پر حملہ وطن عزیز کے امن کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے، مینا مجید | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | فورسز کے نوجوانوں کی قربانیاں روز روشن کی طرح عیاں ہیں، صوبائی وزراء | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | بھارت کینیڈا اور دیگر ممالک میں بھی دہشتگردی میں ملوث ہے، بخت کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | خواتین کی زندگی میں مثبت تبدیلی کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، ربابہ خان بلیدی | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں صوبے بھر میں متحرک ہیں، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | عوامی مسائل کا تدارک حکومت کی اولین ترجیح ہے، سردار کھیتران | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | بلوچستان میں صحت کے شعبے کو جلد بہتر کیا جائے گا، صوبائی وزیر | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | غیر قانونی افراد کی واپسی کے عمل کو تیز کیا جائے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان کی خوشحالی کیلئے اسٹیک ہولڈرز کو ملکر کام کرنا ہوگا، مقررین | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | زین الدین ترین نے فرض کی راہ میں جان دیکر تاریخ رقم کی، شاہد رند | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | آئی جی ایف سی ساؤتھ زبیدہ جلال گرلز ہائی سکول سورومند پہنچ گئے | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | الیکشن کمیشن تین اسٹریٹجک پلان کی کامیابی سے مکمل کر چکا، صوبائی الیکشن کمیشن | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | بھارت کا گوادر، کوئٹہ اور خضدار میں دہشتگردی کا منصوبہ بے نقاب | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے طلب | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | اپنے بچوں کا نوالہ دوسروں کے منہ میں ڈالنے نہیں دینگے، پشتون قوم پرست | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | بلوچستان میں لاپتہ افرد کی بازیابی کیلئے بااختیار کمیشن بنایا جائے، حافظ نعیم | انتخاب ودیگراخبارات |

**امن وامان:**

خدارا میرے بیٹے کو آزاد کریں وہ بے قصور ہے والدہ کی اپیل، پشین فائرنگ سے سب انسپکٹر شہید، جوابی کارروائی میں دہشتگرد ہلاک، مستونگ گاڑی پر فائرنگ سے خاتون سمیت تین افراد جاں بحق، کوئٹہ میں بیوی نے دوسری شادی کرنے پر شوہر کو قتل کر دیا، ٹاگی، پولیس اور کار چوروں میں فائرنگ کا تبادلہ دو اہلکار زخمی، کچھی کالعدم بی ایل اے کے حملے مین پاک فوج کے سات جوان شہید ہوئے، آئی ایس پی آر

**مسائل:**

،کوئٹہ میں محکمہ واسا کے متعدد ٹیوب ویلز غیر فعال شہریوں کو شدید مشکلات، سریاب روڈ توسیع منصوبے سے متعلق تجاوزات کیخلاف آپریشن،

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 07-05-2025

## اداریہ:

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے " **اڑان پاکستان منصوبہ بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اہم منصوبہ !!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ معاشی بحالی سمیت کئی طرح کے چیلنجز میں گھری پاکستان کی وفاقی حکومت نے اُڑان پاکستان کے نام سے ایک منصوبہ شروع کیا ہے جو اقتصادی نمو اور اقوام عالم میں کھوئے ہوئے مقام کے حصول کے لیے ایک بڑے سفر اور نئی صبح کا آغاز ہے۔اس پروگرام کا مقصد برآمدات کے فروغ کے ذریعے اقتصادی ترقی کا حصول ہے، اس میں، ای پاکستان، ماحولیات، توانائی، برابری و بااختیار بنانے سمیت فائیو ایز" کو بنیاد بنایا گیا ہے۔اس منصوبے کی کامیابی کے لیے قومی یکجہتی اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف اور حکومت کی یہ سوچ ہے کہ ملک کو آگے لے جانے کے لیے اب اشرافیہ کو قربانی دینا ہوگی۔وفاق، صوبوں اور تمام شراکت داروں کے تعاون سے، ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھا جائے۔اڑان پاکستان کو تعلیم، صحت، روزگار اور کاروبار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے ایک انقلابی اقدام قرار دیا گیا ہے۔یہ منصوبہ سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کو برقرار رکھتے ہوئے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی کوششوں راہ کی نمائندگی کرتا ہے۔حکومت نے پہلے وژن 2010 اور وژن 2025 جیسے طویل المدتی منصوبے متعارف کروائے، جن پر سیاسی عدم استحکام کے باعث مکمل عملدرآمد نہ ہوسکا۔اب پانچ سالہ اقتصادی منصوبہ (2024-29) ایک نیا عزم اور مواقع فراہم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔یہ منصوبہ معاشی خوشحالی کو عوام تک پہنچانے کا وعدہ کرتا ہے۔اڑان پاکستان منصوبے کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے پر توجہ دی گئی ہے۔تعلیم صحت، روزگار اور کاروبار کے مواقع میں اضافے کا عزم ظاہر کیا گیا۔

## اداریے:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اورفلاح وبہبود اولین ترجیحات میں شامل ھے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "People Centric Budget for Balochistan" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین:

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**نصیرآباد ڈویژن ،ترقی کے نئے دور میں داخل روشن اورخوشحال مستقبل کی طرف گامزن** " کے عنوان سے نیک محمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان میں تعمیر نو کا وعدہ کتنا ممکن ، کتنا موثر؟**" کے عنوان سے ظفراللہ خان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**رائے علاقائی ترقی ،سیکورٹی کے بغیر خوشحالی ممکن نہیں ، گوادر کا چیلنج** " کے عنوان سے قیصر نواب کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**سابق وزیر اعظم کی نئی حمایت ملکی سیاست کے منظر نامے پر کیا تبدیلیاں لا پائے گی** " کے عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 07 MAY 2025 Page No. 1


بلوچستان کی ترقی اولین ترجیح

## کراچی چمن شاہراہ کا منصوبہ دو سال میں مکمل کیا جائے، شہباز شریف

وزیراعظم کی زیر صدارت این 25 کی تعمیر پر جائزہ اجلاس، گورنر مندوخیل کی شرکت، وزیراعلیٰ ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے

اسلام آباد (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ کراچی، چمن شاہراہ کی اپ گریڈیشن بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی و خوشحالی کے لئے انتہائی ضروری ہے، بلوچستان کی ترقی کو ترجیح دیتے ہوئے گزشتہ ماہ پٹرولیم مصنوعات میں کمی کا فائدہ عوام کو منتقل کرنے کی بجائے اس بچت کو کراچی، چمن شاہراہ کی اپ گریڈیشن پر صرف کرنے کا فیصلہ کیا گیا، تمام صوبوں نے اس فیصلے میں تعاون کیا جو وفاق کے اتحاد کی نشانی ہے، کراچی تا چمن شاہراہ کی تعمیر سے 18 گھنٹے کا سفر 6 سے 8 گھنٹے تک محدود ہو جائے گا وزیراعظم نے ہدایت کی کہ سڑک کی تعمیر کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، منصوبہ دو سال میں مکمل کیا جائے۔ وزیراعظم آفس کے پریس ونگ سے جاری پریس ریلیز کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت کراچی، چمن قومی شاہراہ (این-25) کی تعمیر اور اپ گریڈیشن پر اہم جائزہ اجلاس منگل کو یہاں وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 790 کلومیٹر طویل کراچی-چمن شاہراہ کو بہترین معیار کی ایکسپریس وے میں بدلا جائے گا۔ اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے ہدایت کی سڑک کی تعمیر کا معیار موٹر وے جیسا ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی-چمن شاہراہ کی اپ گریڈیشن صوبہ بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی و خوشحالی کے لئے انتہائی ضروری ہے اور بلوچستان کی ترقی کو ترجیح بناتے ہوئے پچھلے ماہ پٹرولیم مصنوعات میں کمی کا فائدہ عوام کو منتقل کرنے کی بجائے اس بچت کو کراچی چمن شاہراہ کی اپ گریڈیشن پر صرف کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ پاکستان کے تمام صوبوں نے اس فیصلے میں تعاون کیا جو وفاق کے اتحاد کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی تا چمن سفر آج کل 18 گھنٹے میں طے ہوتا ہے، ایکسپریس وے کی تعمیر کے بعد 6 سے 8 گھنٹے تک محدود ہو جائے گا۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو ایکسپریس وے کے لئے زمین کی دستیابی یقینی بنانے کے لئے متعلقہ محکموں سے تعاون کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ عوام کی سہولت کے لئے ایکسپریس وے پر آنے والے تمام بڑے شہروں پر بائی پاسز تعمیر کئے جائیں۔ وزیراعظم نے منصوبے کی تعمیر کے دوران ماحولیاتی عنصر کو مدنظر رکھنے اور منصوبے کی تعمیر کے بعد تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کے دوران گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے صوبہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی خصوصاً کراچی-چمن شاہراہ کی تعمیر اور اپ گریڈیشن میں خصوصی دلچسپی لینے پر وزیراعظم سے اظہار تشکر کیا۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔


MASHRIQ QUETTA


## کراچی تا چمن شاہراہ اعلیٰ معیار کی موٹر وے جیسی تعمیر کی جائے، وزیراعظم کی ہدایت

پٹرولیم مصنوعات میں کمی کا فائدہ عوام کو منتقل کرنے کی بجائے کراچی-چمن شاہراہ کی تعمیر پر صرف کرنے کا فیصلہ کیا، شہباز شریف

تجارت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، منصوبے کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، جائزہ اجلاس میں شریک حکام کو ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت کراچی-چمن قومی شاہراہ (N-25) کی تعمیر اور اپ گریڈیشن پر اہم جائزہ اجلاس میں 790 کلومیٹر طویل کراچی-چمن شاہراہ کو بہترین معیار کی ایکسپریس وے میں بدلنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ہدایت کی ہے کہ سڑک کی تعمیر کا معیار موٹر وے جیسا ہونا چاہیے، کراچی-چمن شاہراہ کی اپ گریڈیشن صوبہ بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی و خوشحالی کے لئے انتہائی ضروری ہے، بلوچستان کی ترقی کو ترجیح بناتے ہوئے پچھلے ماہ پٹرولیم مصنوعات میں کمی کا فائدہ عوام کو منتقل کرنے کی بجائے اس بچت کو کراچی-چمن شاہراہ کی اپ گریڈیشن پر صرف کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اس فیصلے میں پاکستان کے تمام صوبوں نے تعاون کیا، جو وفاق کے اتحاد کی نشانی ہے، کراچی-چمن ایکسپریس وے سے نا صرف مسافر مستفید ہوں گے بلکہ ٹرانسپورٹ اور تجارت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے، منصوبے کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1    Dated: 07 MAY 2025    Page No. 2

## کراچی چمن شاہراہ کی تکمیل سے تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، گورنر

اقدام وفاق اور بلوچستان کی مضبوط شراکت داری کا منہ بولتا ثبوت ہے، جائزہ اجلاس کے بعد بیان

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی دور اندیش قیادت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ چمن کراچی N25 تقریباً آٹھ سو کلومیٹر طویل قومی شاہراہ کو دو سال کی قلیل مدت مکمل کرنے کا اقدام وفاق اور بلوچستان کی مضبوط شراکت داری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس کیلئے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور ان کی پوری کابینہ خراج تحسین کے مستحق ہیں، انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہ این اے 25 جسے بلوچستان کی شہ رگ کہا جاتا ہے، معاشی وتجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے، محفوظ سفر کو یقینی بنانے اور ٹریفک حادثات سے ہونے والی اموات کو کم کرنے کا ضامن ہے۔ وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں N25 سے متعلق آج کا جائزہ اجلاس ہماری قوم کی ترقی میں ایک اہم سنگ میل ہے اجلاس کی صدارت وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کر رہے تھے جس میں ڈپٹی پرائم منسٹر اسحاق ڈار اور گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سمیت دیگر تمام متعلقہ حکام بھی موجود تھے، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بلوچستان کے اسٹریٹجک محل وقوع پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بلوچستان، افغانستان اور ایران کی طویل سرحدوں سے متصل ہے جو وسطی ایشیائی ممالک کی تجارتی منڈیوں کیلئے ایک گیٹ وے پیش کرتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ کراچی تا چمن قومی شاہراہ کی تکمیل سے معاشی وتجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، عوام کو محفوظ وآرام دہ سفری سہولیات میسر ہوگی، ٹریفک حادثات میں ہر سال ہزاروں مسافروں کے جانی نقصانات میں کافی کمی آئیگی اور کوئٹہ تو کراچی کے سفر کا بارہ گھنٹے سے کم ہو کر صرف چھ گھنٹے کا سفر بن جائیگا۔

MASHRIQ QUETTA

## قومی شاہراہ این 25 تجارتی سرگرمیوں کیلئے اہمیت کی حامل ہے، جعفر مندوخیل

وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں بلوچستان سے متعلق جائزہ اجلاس ہماری قوم کی ترقی میں ایک اہم سنگ میل ہے، گورنر

بلوچستان کی ہمسایہ ممالک سے متصل طویل سرحدیں ایشیائی ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی کیلئے گیٹ وے ہیں

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی دور اندیش قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ چمن۔ کراچی N25 تقریباً آٹھ سو کلومیٹر طویل قومی شاہراہ کو دو سال کی قلیل مدت مکمل کرنے کا اقدام وفاق اور بلوچستان کی مضبوط شراکت داری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس کیلئے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور ان کی پوری کابینہ خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہ این اے 25 جسے بلوچستان کی 'شہ رگ' کہا جاتا ہے، معاشی و تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے، محفوظ سفر کو یقینی بنانے اور ٹریفک

........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

حادثات سے ہونے والی اموات کو کم کرنے کا ضامن ہے۔ وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں N25 سے متعلق آج کا جائزہ اجلاس ہماری قوم کی ترقی میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ اجلاس کی صدارت وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کر رہے تھے جس میں ڈپٹی پرائم منسٹر اسحاق ڈار اور گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سمیت دیگر تمام متعلقہ حکام بھی موجود تھے، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بلوچستان کے اسٹریٹجک محل وقوع پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ بلوچستان، افغانستان اور ایران کی طویل سرحدوں سے متصل ہے جو وسطی ایشیائی ممالک کی تجارتی منڈیوں کیلئے ایک گیٹ وے پیش کرتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ کراچی تا چمن قومی شاہراہ کی تکمیل سے معاشی وتجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، عوام کو محفوظ وآرام دہ سفری سہولیات میسر ہوگی، ٹریفک حادثات میں ہر سال ہزاروں مسافروں کے جانی نقصانات میں کافی کمی آئیگی اور کوئٹہ تو کراچی کے سفر کا بارہ گھنٹے سے کم ہو کر صرف چھ گھنٹے کا سفر بن جائیگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUB[LIC] RELATIONS BALOCH[ISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ] حکومت بلوچ[ستان]

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

2841093-2842016-2841078

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 54 بدھ 9 ذیقعد 1446ھ 7 مئی 2025ء نمبر 125

Bullet No. 1 Page No. 3

# بھارت کے یکطرفہ اقدامات نے دو ایٹمی طاقتوں کو خطرناک تصادم کے دہانے پر لا کھڑا کیا، وزیراعلیٰ

## ریاستی اداروں اور عوام کو ملکی خودمختاری کے تحفظ کیلئے یک زبان ہونا ہوگا، میر سرفراز بگٹی کی وکلا تنظیموں کے عہدیداروں سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف عطا نے ملاقات کی اس موقع پر سپریم کورٹ بار کے نائب صدر بلوچستان محمد اسحاق نوتیزئی اور بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطا اللہ لانگو بھی موجود تھے ملاقات میں مشرقی سرحدوں پر پیدا ہونے والی حالیہ صورتحال سمیت مختلف اہم قومی و علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان جو خود دہشت گردی کے المناک واقعات کا شکار رہا ہے ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتا ہے اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ملک کی سالمیت اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور اور مؤثر جواب دیا جانا چاہیے۔ اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات خطے میں کشیدگی کو ہوا دے رہے ہیں اور دو ایٹمی طاقتوں کو ایک خطرناک تصادم کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو ایک انتہائی اشتعال انگیز اقدام قرار دیا گیا کیونکہ پانی پاکستانی عوام کی زندگی کا بنیادی ذریعہ ہے صدر بار نے ملک بھر کی وکلاء برادری کی جانب سے پاکستان کے مؤقف کے ساتھ مکمل یکجہتی اور ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے قومی اتحاد اور یکجہتی کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا میاں رؤف عطا نے وزیراعلیٰ کو ان ملاقاتوں سے بھی آگاہ کیا جو انہوں نے مختلف قومی سیاسی قائدین سے بلوچستان کے مسائل پر وسیع البنیاد قومی اتفاق رائے کے لیے کیں، جسے وزیراعلیٰ نے سراہا شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل بات چیت، رابطہ کاری اور جمہوری عمل میں مضمر ہے اور ان کوششوں کو مسلسل جاری رہنا چاہیے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام قومی اداروں، بار ایسوسی ایشنز اور سیاسی قیادت کے ساتھ مل کر صوبے کے مسائل کے حل، قانون کی بالادستی اور قومی ہم آہنگی کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے تمام ریاستی اداروں اور عوام کو ملک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے یک زبان ہونا ہوگا اور بلوچستان اس جدوجہد میں ہمیشہ صف اول میں رہے گا۔

# ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، وزیراعلیٰ بگٹی


## پارلیمانی سیکرٹری صمد خان گورگیج کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو


کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کے وفد نے ملاقات کی وفد نے وزیراعلیٰ کو ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل سے آگاہ کیا جس پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور ہزارہ ٹاؤن کے غیر فعال ٹیوب ویلز کو جلد فعال کیا جائے گا تاکہ تسلسل کے ساتھ فراہمی آب ممکن ہو سکے انہوں نے کہا کہ تعلیم صوبائی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے علاقے میں قائم بے نظیر گرلز ہائی اسکول کا جلد خود دورہ کروں گا اور اسکول کو تمام بنیادی ضروریات اور سہولیات بھی فراہم کریں گے جس پر وفد نے وزیراعلیٰ کے تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

# مچ حملہ نام نہاد کالعدم تنظیم نے بھارتی ایماء پر کیا، وزیراعلیٰ بگٹی

## جوانوں کی شہادت عظیم قربانی ہے، نواب زہری، میر حمزہ زہری، سردار کھیتران، مینا مجید

کوئٹہ (خ ن/ نیوز ایجنسیاں) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مچ میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم کی جانب سے بھارتی ایما پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے لیکن قوم اور سیکورٹی ادارے ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے سیکورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں اور صوبے میں قیام امن کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں چیف آف جھالاوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری نے مچ میں سیکورٹی فورسز کے کانوائے پر دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مادر وطن کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کی جذبہ حب الوطنی قابل ستائش ہے دہشت گرد ملکی ترقی اور صوبے کی خوشحالی کے دشمن ہیں۔ صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے مچ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ نہ صرف انسانیت سوز ہے بلکہ وطن عزیز کے امن کو سبوتاژ کرنے کی گہری سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی ایماء پر بلوچستان میں بدامنی پھیلانے کر صوبے میں افراتفری کی فضا کو تقویت دینے والوں کے عزائم کبھی پورے نہیں ہونگے دہشتگردوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے مچھ میں سیکورٹی فورسز پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ بزدلانہ حملہ امن کے دشمنوں کی جانب سے بلوچستان کے استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہے جن کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دینگے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں ریاست کے خلاف کھلی سازشیں ہیں جبکہ بی ایل اے بھارت کی مدد سے بلوچستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کی ناپاک کوششوں میں ملوث ہے۔





کوئٹہ: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے میاں رؤف عطا، اسحاق نوتیزئی اور عطاء اللہ لانگو ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے عبدالمتین اخوانزادہ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITA[N]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ]
حکومت بلو[چستان]

Bullet No. 1

Page No. 4

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
جلد 53 بدھ 09 ذیقعدہ 1446ھ 07 مئی 2025ء صفحات 08 شمارہ 309
رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2006@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے

# مچھ میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر بم حملہ 7 جوان شہید دہشتگردوں کو انجام تک پہنچا کر دم لیں گے، وزیر اعلیٰ

بھارتی پراکسی کی نام نہاد کالعدم تنظیم نے سیکورٹی فورسز کے قافلے کو آئی ای ڈی حملے کا نشانہ بنایا، سینیٹائزیشن آپریشن جاری بزدلانہ کارروائی میں ملوث مجرمان کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا

فورسز قوم کے شانہ بشانہ بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم، ہمارے بہادر اہلکاروں کی قربانیاں اس عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں: آئی ایس پی آر

افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم کی جانب سے بھارتی ایما پر کیا گیا جو ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے اور اس حملے کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے، میر سرفراز بگٹی

پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے، ریاست سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے: وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + غ ن) بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر آئی ای ڈی بم دھماکے میں سات اہلکار شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق منگل کو ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں بھارتی پراکسی کی نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی نے سیکورٹی فورسز کے قافلے پر آئی ای ڈی حملہ کیا جس کے نتیجے میں سات اہلکار شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہداء میں 42 سالہ صوابیدار عمر فاروق ساکن کراچی، 28 سالہ نائیک آصف خان ساکن کرک، 28 سالہ نائیک مشکور علی ساکن اورکزئی، 26 سالہ سپاہی طارق نواز ساکن لکی مروت، 28 سالہ سپاہی واجد احمد فیض ساکن باغ، 22 سالہ سپاہی محمد عاصم ساکن کرک، 28 سالہ سپاہی محمد کاشف ساکن کوہاٹ شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دہشتگردوں کے خلاف سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے جبکہ بزدلانہ کارروائی میں ملوث مجرمان کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیکورٹی فورسز قوم کے شانہ بشانہ ہو کر بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں ہمارے بہادر اہلکاروں کی قربانیاں اس عزم کو مزید مضبوط کرتی ......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ہیں۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا ہے کہ بھارت اور اسکی پراکسیوں کے ناپاک عزائم کو بہادر سیکورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پاکستانی قوم ملکر ناکام بنائیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں کی جانب سے کیے گئے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی جانب سے بھارتی ایما پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے لیکن قوم اور سیکیورٹی ادارے ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ "ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی، اور ایسے عناصر کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا جو معصوم جانوں سے کھیلتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پوری ریاست سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور حکومت شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ "قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے یہ قربانیاں ہماری آزادی، خودمختاری اور پرامن مستقبل کی ضمانت ہیں۔" میر سرفراز بگٹی نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں اور صوبے میں قیام امن کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں۔

# بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

ملک کی سالمیت اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور اور موثر جواب دیا جانا چاہیے، ملاقات میں فریقین کا اتفاق

پاکستان خود دہشت گردی کے واقعات کا شکار رہا، ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتے ہیں، میاں رؤف عطاء

ملک بھر کی وکلا برادری پاکستان کے موقف کیساتھ مکمل یکجہتی، ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہے، صدر سپریم کورٹ کی گفتگو

کوئٹہ (غ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آج یہاں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف عطا نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ بار کے نائب صدر بلوچستان محمد اسحاق نوتیزئی اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر میر عطاء اللہ لانگو بھی موجود تھے ملاقات میں ......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

مشرقی سرحدوں پر پیدا ہونے والی حالیہ صورتحال سمیت مختلف اہم قومی و علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان، جو خود دہشت گردی کے المناک واقعات کا شکار رہا ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ملک کی سالمیت اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور اور موثر جواب دیا جانا چاہیے۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس سنچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 144 | بدھ، 9 ذیقعد، 7 مئی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# شہداء کے مقروض، دہشتگردوں کو انجام تک پہنچائیں گے، وزیراعلیٰ

## مچھ میں سیکورٹی فورسز پر حملہ کالعدم تنظیم نے بھارتی ایماء پر کیا، قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے، سرفراز بگٹی

## سب انسپکٹر زین الدین ترین کی شہادت قابل افسوس، امن دشمنوں پر زمین تنگ کردی جائیگی، وزیراعلیٰ، ترجمان حکومت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

کی جانب سے کیے گئے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی جانب سے بھارتی ایما پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے لیکن قوم اور سیکیورٹی ادارے ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ "ہم اپنے شہدا کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اللہ شہید زین الدین کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے غم کی اس گھڑی میں حکومت بلوچستان شہید کے اہل خانہ کے ساتھ ہے انہوں نے لیویز فورس کی فوری اور کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ دو مبینہ دہشت گردوں کی گرفتاری امن کی جدوجہد میں بڑی کامیابی ہے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امن دشمنوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کی جائے گی اور انہیں انکے منطقی انجام تک ہر صورت پہنچایا جائے گا۔

# ملک کے تحفظ کیلئے سب کو یک زبان ہونا ہوگا، سرفراز بگٹی

## وزیراعلیٰ سے سپریم کورٹ بار کے صدر میاں رؤف عطا کی ملاقات، بھارتی جارحیت کی مذمت

## ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی، صمد گورگیج کی قیادت میں وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف عطا نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ بار کے نائب صدر بلوچستان محمد اسحاق نوتیزئی اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر میر عطاء اللہ لانگو بھی موجود تھے ملاقات میں مشرقی سرحدوں پر پیدا ہونے والی حالیہ صورتحال سمیت مختلف اہم قومی (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

وعلاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان، جو خود دہشت گردی کے المناک واقعات کا شکار رہا ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ملک کی سالمیت اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور اور موثر جواب دیا جانا چاہیے۔ اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات خطے میں کشیدگی کو ہوا دے رہے ہیں اور دو ایٹمی طاقتوں کو ایک خطرناک تصادم کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو ایک انتہائی اشتعال انگیز اقدام قرار دیا گیا۔ کیونکہ پانی پاکستانی عوام کی زندگی کا بنیادی ذریعہ ہے۔ صدر بار نے ملک بھر کی وکلاء برادری کی جانب سے پاکستان کے موقف کے ساتھ مکمل یکجہتی اور ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے قومی اتحاد اور یکجہتی کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا میاں رؤف عطا نے وزیراعلیٰ کو ان ملاقاتوں سے بھی آگاہ کیا جو انہوں نے مختلف قومی سیاسی قائدین سے بلوچستان کے مسائل پر وسیع البنیاد قومی اتفاق رائے کے لیے کیں، جسے وزیراعلیٰ نے سراہا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف عطاء ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں، سپریم کورٹ بار کے نائب صدر بلوچستان محمد اسحاق نوتیزئی اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر میر عطاء اللہ لانگو بھی موجود ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل پی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز منگل 6 مئی 2025ء بمطابق 8 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 124


# بلوچ معاشرے میں خواتین قابل احترام، ریاست کیخلاف سازشیں ناقابل برداشت ہیں، میر سرفراز بگٹی

## جس نے پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھا اس کی آنکھیں نکال دینگے، سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے پر اظہار تشویش

## ہم نے عوام سے جو وعدے کئے پورے کئے آئندہ بھی کریں گے، سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب

سوئی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو یہاں سوئی، کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے متعدد اہم ترقیاتی اور قومی نوعیت کے اعلانات کیے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کی زراعت، تعلیم، معیشت اور قومی سلامتی کے حوالے سے حکومت عملی اقدامات اٹھا رہی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کچھی کینال کی بحالی کا وعدہ پورا ہو چکا ہے جبکہ فیز 2 اور 3 بھی جلد پایہ تکمیل کو پہنچیں گے انہوں نے اس عزم

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

کا اعادہ کیا کہ نہ صرف ڈیرہ بگٹی بلکہ بلوچستان کی دیگر بنجر زمینیں بھی آباد ہوں گی اور صحرا لہلہاتے کھیتوں میں بدل جائیں گے انہوں نے اعلان کیا کہ میر غلام قادر بگٹی یونیورسٹی کیمپس کی تعمیر کا منصوبہ بھی جلد شروع ہونے جا رہا ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر عمل درآمد کا آغاز ہو رہا ہے ترجیحی بنیادوں پر ریٹائرڈ مزدوروں کے بچوں کو ملازمتیں فراہم کی جائیں گی جبکہ معاہدے پر مکمل عمل درآمد کے لیے کوئٹہ میں مذاکرات کا نیا دور جلد متوقع ہے انہوں نے کہا کہ پی پی ایل کی معاونت سے سوئی ٹاؤن میں پانچ ارب روپے مالیت کے عوامی فلاحی منصوبے شروع کیے جائیں گے، جن کے لیے فنڈز حکومت بلوچستان اور پی پی ایل مساوی طور پر فراہم کریں گے ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، گیس کی فراہمی اور سولر سسٹم کی تنصیب شامل ہوگی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم نے عوام سے جو وعدے کیے وہ پورے کیے اور آئندہ بھی کریں گے انہوں نے سوشل میڈیا پر ملک اور ریاست کے خلاف جاری منفی پروپیگنڈے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے معاشرے میں ہمیشہ افراد اور خواتین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تاہم ریاست کے خلاف کسی بھی سازش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ "جس نے پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھا، اس کی آنکھیں نکال دیں گے۔" انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست ہے جو جنگ کی خواہش نہیں رکھتی لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو پاکستان کی سپاہ ہر محاذ پر جواب دینے کے لیے تیار ہیں بگٹی قبیلے کا ہر بچہ ملک کی سالمیت اور دفاع کے لیے میدان میں اترے گا وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ پاکستان کے بارڈر سے دو سو کلومیٹر دور ہونے والے واقعے کو بھارت اپنے مذموم مقاصد کے لیے پاکستان سے جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے، جو ناقابل قبول ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان 27 رمضان المبارک کو وجود میں آیا اور اس ملک کا قیام اللہ تعالیٰ کی رضا سے ممکن ہوا جب تک پاکستان ہے، ہم سب ہیں پاکستان کی سالمیت عزیز ہے جب تک سرفراز بگٹی زندہ ہے پاکستان کے خلاف میلی آنکھ سے دیکھنے

والوں کی آنکھیں نکال دیں گے۔

# گرلز اسکول کا شیڈ فوری تعمیر کیا جائے، وزیر اعلیٰ کی ہدایت

## رحمت کالونی سوئی میں قائم اسکول کی تزئین و آرائش اور سولر بھی لگایا جائے، سرفراز بگٹی

سوئی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی سوئی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، بحالی و مرمت، تزئین و آرائش اور اسکول میں سولرائزیشن کی تنصیب کے فوری احکامات جاری کیے ہیں، پیر کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنی دورہ سوئی کے دوران ایک مقام

بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر

پر تقریب کے لئے جا رہے تھے جہاں راستے میں اسکول کی بچیاں دیکھ کر رک گئے اور بچیوں سے شفقت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے مسائل دریافت کیے طالبات نے بتایا کہ ان کے اسکول کا شیڈ خستہ حال ہو چکا ہے جبکہ برقی بندش سے درس و تدریس میں مشکلات کا سامنا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے رحمت کالونی میں قائم گرلز اسکول کے شیڈ کی تعمیر، مرمت و بحالی تزئین و آرائش اور سولرائزیشن کی تنصیب کے موقع پر ہی احکامات جاری کر دیے جس پر متعلقہ حکام نے فوری طور پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسکول کا معائنہ کیا اور منصوبہ تعمیراتی میٹریل پہنچا دیا اور منگل سے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا جائے گا اسکول کی بچیوں نے فوری احکامات پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا وزیر اعلیٰ نے طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں تحائف دیے اور لگن سے تعلیم حاصل کر کے معاشرے میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی تلقین کی۔




سوئی: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUB[LIC] RELATIONS BALOCH[ISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقات [عامہ] حکومت بلوچ[ستان]

Bullet No. 1

Page No. 7

کوئٹہ کراچی اور حب سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل/ای I-4

www.dailyintekhab.PK

Intekhabnews@gmail.com.

Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے

صفحات

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 7 مئی 2025ء بمطابق 9 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 125

رؤف عطا کی ملاقات

# بلوچستان کے مسائل کا حل بات چیت میں ہے، وزیر اعلیٰ

## ملاقات میں مشرقی سرحدوں پر پیدا ہونے والی حالیہ صورتحال سمیت مختلف اہم قومی و علاقائی امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا

### صوبائی حکومت تمام قومی اداروں، بار ایسوسی ایشنز اور سیاسی قیادت کے ساتھ مل کر صوبے کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آج یہاں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف عطا نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ بار کے نائب صدر بلوچستان محمد اسحاق نوتیزئی اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر میر عطا اللہ لانگو بھی موجود تھے ملاقات میں مشرقی سرحدوں پر پیدا ہونے والی حالیہ صورتحال سمیت مختلف اہم قومی و علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان، جو خود دہشت گردی کے المناک واقعات کا شکار رہا ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

کہ ملک کی سالمیت اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور اور مؤثر جواب دیا جانا چاہیے۔ اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات خطے میں کشیدگی کو ہوا دے رہے ہیں اور دو ایٹمی طاقتوں کو ایک خطرناک تصادم کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو ایک انتہائی اشتعال انگیز اقدام قرار دیا گیا، کیونکہ پانی پاکستانی عوام کی زندگی کا بنیادی ذریعہ ہے۔ صدر بار نے ملک بھر کی وکلاء برادری کی جانب سے پاکستان کے موقف کے ساتھ مکمل یکجہتی اور ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے قومی اتحاد اور یکجہتی کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا میاں رؤف عطا نے وزیر اعلیٰ کو ان ملاقاتوں سے بھی آگاہ کیا جو انہوں نے مختلف قومی سیاسی قائدین سے بلوچستان کے مسائل پر وسیع البنیاد قومی اتفاق رائے کے لیے کیں، جسے وزیر اعلیٰ نے سراہا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل بات چیت، رابطہ کاری اور جمہوری عمل میں مضمر ہے، اور ان کوششوں کو مسلسل جاری رہنا چاہیے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام قومی اداروں، بار ایسوسی ایشنز اور سیاسی قیادت کے ساتھ مل کر صوبے کے مسائل کے حل، قانون کی بالادستی اور قومی ہم آہنگی کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ریاستی اداروں اور عوام کو ملک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے یک زبان ہونا ہوگا، اور بلوچستان اس جدوجہد میں ہمیشہ صف اول میں رہے گا۔

# وزیر اعلیٰ سے ہزارہ ٹاؤن کے وفد کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

### پانی کی فراہمی یقینی بناتے ہوئے غیر فعال ٹیوب ویلوں کو جلد فعال کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکریٹری برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے وفد نے یہاں ملاقات کی۔ وفد نے وزیر اعلیٰ سے بات چیت کرتے ہوئے ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل پر بات چیت کی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے غیر فعال ٹیوب ویلوں کو جلد فعال کیا جائے گا تاکہ علاقہ مکینوں کو فراہمی آب کے سلسلے میں کوئی رکاوٹ درپیش نہ ہو انہوں نے کہا کہ تعلیم صوبائی حکومت کی ترجیحات میں صرف سر فہرست ہے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

انہوں نے کہا کہ علاقے میں قائم بے نظیر گرلز ہائی اسکول کا جلد خود دورہ کروں گا اور اسکول کو تمام ضروری بنیادی ضروریات اور سہولیات بھی فراہم کی جائینگی اس موقع پر وفد نے وزیر اعلیٰ کے تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

CamScanner

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 بدھ 07 مئی 2025ء بمطابق 09 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 124

# مچھ سیکورٹی فورسز کے قافلے پر آئی ای ڈی بم دھماکے میں 7 اہلکار شہید

## ہم شہداء کے مقروض ہیں، میر سرفراز بگٹی

ضلع کچھی میں کالعدم بی ایل اے نے سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر بم سے حملہ کیا 7 اہلکار شہید ہوگئے، علاقے میں سینی ٹیشن آپریشن جاری ہے مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، آئی ایس پی آر

## پاکستان کی سیکورٹی فورسز دشمن کے عزائم ناکام بنانے کیلئے کوشاں ہیں، ترجمان پاک فوج، دہشتگردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر رہیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں کی جانب سے کیے گئے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی جانب سے بھارتی ایما پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے لیکن قوم اور سیکیورٹی ادارے ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ "ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی، اور ایسے عناصر کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا جو معصوم جانوں سے کھیلتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پوری ریاست سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور حکومت شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔

کوئٹہ (یواین اے) بلوچستان کے علاقے مچھ میں کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے بزدلانہ حملے میں پاک فوج کے 7 جوان شہید اور 5 زخمی ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں بھارتی ایما پر کام کرنے والی کالعدم تنظیم نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا جہاں مچھ کے قریب سیکیورٹی فورسز کی گاڑی آئی ای ڈی سے ٹکرا گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بی ایل اے کے دہشت گردوں کے اس بزدلانہ حملے میں پاک فوج کے 7 بہادر جوان جام شہادت نوش کر گئے جبکہ دھماکے میں 5 سیکیورٹی اہلکار زخمی بھی ہوئے۔ شہدا میں صوبیدار عمر فاروق، نائیک آصف خان، نائیک مشکور علی، سپاہی طارق نواز، سپاہی واجد احمد فیض، سپاہی محمد عاصم، سپاہی محمد کاشف خان شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ واقعے کے بعد علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے، تا کہ دہشت گردوں کو انجام تک پہنچایا جا سکے، اس گھناؤنے اور بزدلانہ حملے کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ترجمان نے کہا کہ پاک فوج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پوری قوم، بلوچستان میں امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ ہمارے بہادر سپاہیوں کی یہ قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ بھارت اور اس کے ایجنٹوں کے مذموم عزائم ان شا اللہ، پاکستانی سیکیورٹی فورسز، ریاستی اداروں اور عوام کی جرات اور یکجہتی کے سامنے ناکام ہوں گے۔

## صوبائی حکومت تعلیم سمیت تمام شعبوں کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

پیپلز پارٹی کی حکومت نے ہمیشہ عوامی مسائل حل کیے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہزارہ ٹاؤن کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو

کوئٹہ (پ ر) تعلیم کے بغیر ترقی ممکن نہیں ہمیشہ انہی قوموں نے ترقی کی ہے جو تعلیم پر توجہ دیتی ہیں۔ پیپلز پارٹی کی حکومت جب بھی برسر اقتدار آئی ہمیشہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات کیے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ان خیالات کا اظہار پارلیمانی سیکرٹری صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کے ایک وفد سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ہماری ترجیحات میں ہے اور صوبائی حکومت کی ہر ممکن کوشش ہے کہ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات انکی دہلیز پر فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے تعلیم کیلئے کافی بجٹ مختص کیا۔ انشاء اللہ عوام کو درپیش تعلیم سمیت تمام مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وفد کو تمام مسائل کے حل اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ صمد خان گورگیج پارلیمانی سیکرٹری سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ممبر "پی ایس ایم سی" در محمد صوبائی رہنماء پیپلز پارٹی امان اللہ حیدری چیئرمین باقر شاہ ٹرسٹ حاجی جواد علی چیئرمین واٹر مینجمنٹ ذاکر حسین، ساجد علی، کنیز زہرہ ہیڈ مسٹریس ہزارہ ٹاؤن گرلز ہائی سکول اور سکینڈ ہیڈ مسٹریس عظمیٰ کنول وفد میں شامل تھے۔ وفد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے تعاون پر انکا شکریہ ادا کیا

## ہزارہ ٹاؤن میں پانی کی فراہمی بنائی جائیگی، وزیراعلیٰ

بے نظیر گرلز سکول کا جلد دورہ کر کے تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں گی، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکریٹری برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے وفد نے یہاں ملاقات کی۔ وفد نے وزیراعلیٰ سے بات چیت کرتے ہوئے ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل پر بات چیت کی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے غیر فعال ٹیوب ویلوں کو جلد فعال کیا جائے گا تا کہ علاقہ مکینوں کو فراہمی آب کے تسلسل میں کوئی رکاوٹ درپیش نہ ہو انہوں نے کہا کہ تعلیم صوبائی حکومت کی ترجیحات میں صرف سرفہرست ہے انہوں نے کہا کہ علاقے میں قائم بے نظیر گرلز ہائی اسکول کا جلد خود دورہ کرونگا اور اسکول کو تمام ضروری بنیادی ضروریات اور سہولیات بھی فراہم کی جائینگی اس موقع پر وفد نے وزیراعلیٰ کے تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا

CamScanner

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 07 مئی 2025ء


## بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا حل بات چیت اور جمہوری عمل میں ہے، وزیراعلیٰ

### ملکی سالمیت کیخلاف کسی بھی قسم کا جارحیت کا مضبوط جواب دیا جائیگا، میاں رؤف عطاء سے گفتگو


کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آج یہاں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف عطانے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ بار کے نائب صدر بلوچستان محمد اسحاق نوتیزئی اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر میر عطاء اللہ لانگو بھی موجود تھے ملاقات میں مشرقی سرحدوں پر پیدا ہونے والی حالیہ صورتحال سمیت مختلف اہم قومی وعلاقائی امور پر تبادلہ ؟ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان، جو خود دہشت گردی کے المناک واقعات کا شکار رہا ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ملک کی سالمیت اور خودمختا[illegible] پر کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور اور موثر جوا[illegible] جانا چاہیے۔ اس بات پر بھی تشویش کا اظہ[illegible] کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات خطے میں کش[illegible] ہوا دے رہے ہیں اور دو ایٹمی طاقتوں کو ایک خطرناک تصادم کے دہانے پر لاکھڑا کیا ہے۔ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو ایک انتہائی اشتعال انگیز اقدام قرار دیا گیا، کیونکہ پانی پاکستانی عوام کی زندگی کا بنیادی ذریعہ ہے۔ صدر بار نے ملک بھر کی وکلاء برادری کی جانب سے پاکستان کے موقف کے ساتھ مکمل یکجہتی اور ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے قومی اتحاد اور یکجہتی کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا میاں رؤف عطا نے وزیراعلیٰ کو ان ملاقاتوں سے بھی آگاہ کیا جو انہوں نے مختلف قومی سیاسی قائدین سے بلوچستان کے مسائل پر وسیع البنیاد قومی اتفاق رائے کے لیے کیں، جسے وزیراعلیٰ نے سراہا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل بات چیت، رابطہ کاری اور جمہوری عمل میں مضمر ہے، اور ان کوششوں کو مسلسل جاری رہنا چاہیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام قومی اداروں، بار ایسوسی ایشنز اور سیاسی قیادت کے ساتھ مل کر صوبے کے مسائل کے حل، قانون کی بالادستی اور قومی ہم آہنگی کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ریاستی اداروں اور عوام کو ملک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے یک زبان ہونا ہوگا، اور بلوچستان اس جدوجہد میں ہمیشہ صف اول میں رہے گا۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سپریم کورٹ بار ایسوسی کے صدر میاں رؤف عطاء ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد، وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی زیر صدارت منعقدہ آن لائن اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بذریعہ وڈیو لنک شریک ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایم پی اے میر زابد علی ریکی اور میر اعظم ریکی ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORA[TE] GENERAL OF P[UBLIC] RELATIONS BALO[CHISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقات عا[مہ] حکومت بلوچستا[ن]

روزنامہ Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ — صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 21 — بدھ 07 مئی 2025ء، 09 ذی القعد 1446ھ — شمارہ 28

Bullet No. 1

Page No. 10

## علاقے کچھی میں مسلح کالعدم تنظیم کے دہشت گردوں نے فورسز کی گاڑی کو دیسی ساختہ بم سے نشانہ بنایا، وزیراعلیٰ بلوچستان کا واقعہ پر افسوس

# سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ 7 جوان شہید 5 زخمی

ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں بھارتی ایما پر کام کرنے والی کالعدم تنظیم نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا جہاں مچھ کے قریب سیکیورٹی فورسز کی گاڑی آئی ای ڈی سے ٹکرا گئی

## ...بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں کی جانب سے کیے گئے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا

...بلوچستان کے علاقے مچھ میں ...بریشن آرمی (بی ایل اے) کے ...فوج کے 7 جوان شہید اور 5 زخمی ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں بھارتی ایما پر کام کرنے والی کالعدم تنظیم نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا جہاں مچھ کے قریب سیکیورٹی فورسز کی گاڑی آئی ای ڈی سے ٹکرا گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بی ایل اے کے دہشت گردوں کے اس بزدلانہ حملے میں پاک فوج کے 7 بہادر جوان جام شہادت نوش کر گئے جبکہ دھماکے میں 5 سیکیورٹی اہلکار زخمی بھی ہوئے۔ شہدا میں صوبیدار بقیہ 2 صفحہ 6 پر

عمر فاروق، نائیک آصف خان، نائیک مشکور علی، سپاہی طارق نواز، سپاہی واجد احمد فیض، سپاہی محمد عاصم، سپاہی محمد کاشف خان شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ واقعے کے بعد علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے، تاکہ دہشت گردوں کو انجام تک پہنچایا جا سکے، اس گھناؤنے اور بزدلانہ حملے کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ترجمان نے کہا کہ پاک فوج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پوری قوم، بلوچستان میں امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ ہمارے بہادر سپاہیوں کی یہ قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ بھارت اور اس کے ایجنٹوں کے مذموم عزائم ان شاءاللہ، پاکستانی سیکیورٹی فورسز، ریاستی اداروں اور عوام کی جرات اور یکجہتی کے سامنے ناکام ہوں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ... کے علاقے مچھ میں سیکیورٹی ... پر دہشت گردوں کی ... سے کیے گئے ... حملے کی شدید ... میں مذمت کرتے ہوئے ... دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ... نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی جانب سے بھارتی ایما پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے جس کا مقصد بلوچستان میں ... بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے ... ہم ان ... ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا ... پر جواب ... جائے گا۔ امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں ... جائیں ... اور ایسے عناصر و عبرت کا نشان بنایا جائے گا جو معصوم جانوں سے کھیلتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پوری ... سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور حکومت ... متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ قوم اپنے شہداء کو سلام ... ہے یہ قربانیاں ہماری آزادی، خودمختاری اور پرامن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں اور صوبے میں قیام امن کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میاں رؤف عطا ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ سے پارلیمانی سیکرٹری برائے سائنس ٹیکنالوجی کی قیادت میں وفد کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکریٹری برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے وفد نے یہاں ملاقات کی۔ بقیہ 45 صفحہ 6 پر



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL C
RELATIONS B

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 11

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | بدھ 07 مئی 2025ء بمطابق 09 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-124

# مچھ میں سیکورٹی فورسز پر حملے کی مذمت، دہشتگردوں کو انجام تک پہنچا کر دم لیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی نے بھارتی ایماء پر کیا، ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے، جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے

بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی

## وزیراعلیٰ سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر کی ملاقات، مشرقی سرحدوں پر پیدا ہونے والی صورتحال، اہم قومی و علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ریاستی ادارے عوام ملک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے یک زبان ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکیورٹی فورسز کی | گاڑی پر دہشت گردوں کی جانب سے کیے گئے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر)

مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی جانب سے بھارتی ایماء پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے، جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے لیکن قوم اور سیکیورٹی ادارے ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ "ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی، اور ایسے عناصر کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا جو معصوم جانوں سے کھیلتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پوری ریاست سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور حکومت شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ "قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے یہ قربانیاں ہماری آزادی، خودمختاری اور پرامن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ "میر سرفراز بگٹی نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں اور صوبے میں قیام امن کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آج یہاں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رف عطا نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ بار کے نائب صدر بلوچستان محمد اسحاق نوتیزئی اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر میر عطاء اللہ لانگو بھی موجود تھے ملاقات میں مشرقی سرحدوں پر پیدا ہونے والی حالیہ صورتحال سمیت مختلف اہم قومی و علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان، جو خود دہشت گردی کے المناک واقعات کا شکار رہا ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ملک کی سالمیت اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور اور مؤثر جواب دیا جانا چاہیے۔ اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات خطے میں کشیدگی کو ہوا دے رہے ہیں اور دو ایٹمی طاقتوں کو ایک خطرناک تصادم کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو ایک انتہائی اشتعال انگیز اقدام قرار دیا گیا، کیونکہ پانی پاکستانی عوام کی زندگی کا بنیادی ذریعہ ہے۔ صدر بار نے ملک بھر کی وکلا برادری کی جانب سے پاکستان کے مؤقف کے ساتھ مکمل یکجہتی اور ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے قومی اتحاد اور یکجہتی کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا میاں رف عطا نے وزیراعلیٰ کو ان ملاقاتوں سے بھی آگاہ کیا جو انہوں نے مختلف قومی سیاسی قائدین سے بلوچستان کے مسائل پر وسیع البنیاد قومی اتفاق رائے کے لیے کیں، جسے وزیراعلیٰ نے سراہا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل بات چیت، رابطہ کاری اور جمہوری عمل میں مضمر ہے، اور ان کوششوں کو مسلسل جاری رہنا چاہیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام قومی اداروں، بار ایسوسی ایشنز اور سیاسی قیادت کے ساتھ مل کر صوبے کے مسائل کے حل، قانون کی بالادستی اور قومی ہم آہنگی کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ریاستی اداروں اور عوام کو ملک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے یک زبان ہونا ہوگا، اور بلوچستان اس جدوجہد میں ہمیشہ صف اول میں رہے گا۔

# وزیراعلیٰ سے ہزارہ ٹاؤن کے وفد کی ملاقات مسائل سے آگاہ کیا

## تعلیم ترجیح ہے، بینظیر گرلز ہائی اسکول کا دورہ کرونگا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکریٹری برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے وفد نے یہاں ملاقات کی۔ وفد نے وزیراعلیٰ سے بات چیت کرتے ہوئے ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر)

سمیت دیگر مسائل پر بات چیت کی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے غیر فعال ٹیوب ویلوں کو جلد فعال کیا جائے گا تاکہ علاقہ مکینوں کو فراہمی ء آب کے تسلسل میں کوئی رکاوٹ درپیش نہ ہو انہوں نے کہا کہ تعلیم صوبائی حکومت کی ترجیحات میں صرف سرفہرست ہے انہوں نے کہا کہ علاقے میں قائم بے نظیر گرلز ہائی اسکول کا جلد خود دورہ کرونگا اور اسکول کو تمام ضروری بنیادی ضروریات اور سہولیات بھی فراہم کی جائینگی اس موقع پر وفد نے وزیراعلیٰ کے تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف عطاء ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

DIRE[...] GENERA[...] RELATIONS[...]
نظامت اعلیٰ تعل[...]
حکومت بلو[...]
Bullet No. 1
Page No. 12

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر
جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 80
بدھ 7 مئی 2025ء | 8 ذیقعد | 1446ھ | رجسٹرڈ سی پی-10

# مچھ میں دھماکہ، پشین میں فائرنگ 8 سیکورٹی اہلکار شہید

بی ایل اے نے بھارتی ایماء پر حملہ کیا، وزیراعلیٰ

مچھ میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر آئی ای ڈی حملے میں 7 اہلکار شہید، پشین میں سب انسپکٹر زین الدین کو قتل کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا

بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، ملوث عناصر نشان عبرت بنیں گے، وزیراعلیٰ کی مچھ اور پشین حملے کی مذمت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر آئی ای ڈی بم دھماکے میں سات اہلکار شہید ہوگئے۔ آئی

ایس پی آر کے مطابق منگل کو ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں بھارتی پراکسی کی نام نہاد بلوچ لبریشن آرمی

نے سیکورٹی فورسز کے قافلے پر آئی ای ڈی حملہ کیا جس کے نتیجے میں سات اہلکار شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہداء میں 42 سالہ صوابیدار عمر فاروق ساکن کراچی، 28 سالہ نائیک آصف خان ساکن کرک، 28 سالہ نائیک مشکور علی ساکن اورکزئی، 26 سالہ سپاہی طارق نواز ساکن لکی مروت، 28 سالہ سپاہی واجد احمد فیض ساکن باغ، 22 سالہ سپاہی محمد عاصم ساکن کرک، 28 سالہ سپاہی محمد کاشف ساکن کوہاٹ شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دہشتگردوں کے خلاف سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے جبکہ بزدلانہ کارروائی میں ملوث مجرمان کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیکورٹی فورسز قوم کے شانہ بشانہ ہو کر بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں ہمارے بہادر اہلکاروں کی قربانیاں اس عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا ہے کہ بھارت اور اسکی پراکسیوں کے ناپاک عزائم کو بہادر سیکورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پاکستانی قوم ملکر ناکام بنائیں گے۔ ادھر پشین کے علاقے کلی ملیزئی کے قریب دہشتگردوں نے پولیس سب انسپکٹر زین الدین پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔ ایس پی حلیم اچکزئی کے مطابق شہید آفیسر کو پانچ گولیاں لگیں۔ وہ پشین سے اپنے آبائی گاؤں ملیزئی جا رہے تھے کہ راستے میں دہشتگردوں نے حملہ کر دیا۔ لاش کو ضروری کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر پشین ظہیر احمد نے تصدیق کی ہے کہ واقعے میں ملوث دو دہشتگردوں کو لیویز فورس نے ایک مقابلے کے دوران گرفتار کر لیا ہے۔ علاقے میں سیکورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے اور تحقیقات جاری ہیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں کی جانب سے کئے

گئے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں

بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی جانب سے بھارتی ایماء پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے لیکن قوم اور سیکیورٹی ادارے ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ "ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی، اور ایسے عناصر کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا جو معصوم جانوں سے کھیلتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پوری ریاست سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور حکومت شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ "قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے یہ قربانیاں ہماری آزادی، خودمختاری اور پرامن مستقبل کی ضمانت ہیں۔" میر سرفراز بگٹی نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں اور صوبے میں قیام امن کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشین میں سب انسپکٹر زین الدین ترین کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے دہشت گردوں کے حملے میں فرض کی راہ میں جان قربان کرنے والے سپوت کو سلام پیش کیا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اللہ شہید زین الدین کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے غم کی اس گھڑی میں حکومت بلوچستان شہید کے اہل خانہ کے ساتھ ہے انہوں نے لیویز فورس کی فوری اور کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ دو مبینہ دہشت گردوں کی گرفتاری امن کی جدوجہد میں بڑی کامیابی ہے وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امن دشمنوں کیلئے بلوچستان کی سرزمین تنگ کی جائے گی اور انہیں انکے منطقی انجام تک ہر صورت پہنچایا جائیگا

## ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، وزیراعلیٰ

علاقے میں قائم بے نظیر گرلز ہائی اسکول کا جلد خود دورہ کرونگا تمام سہولیات بھی فراہم کی جائینگی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکریٹری برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے وفد نے یہاں ملاقات کی۔ وفد نے وزیر اعلیٰ سے بات چیت کرتے ہوئے ہزارہ ٹاؤن کو

پانی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل پر بات چیت

کی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن کو پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ کے غیر فعال ٹیوب ویلوں کو جلد فعال کیا جائے گا تاکہ علاقہ مکینوں کو فراہمی آب کے تسلسل میں کوئی رکاوٹ درپیش نہ ہو انہوں نے کہا کہ تعلیم صوبائی حکومت کی ترجیحات میں صرف سرفہرست ہے انہوں نے کہا کہ علاقے میں قائم بے نظیر گرلز ہائی اسکول کا جلد خود دورہ کرونگا اور اسکول کو تمام ضروری بنیادی ضروریات اور سہولیات بھی فراہم کی جائینگی اس موقع پر وفد نے وزیر اعلیٰ کے تعاون پران کا شکریہ ادا کیا۔


# بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا حل جمہوری عمل، بات چیت اور قومی یکجہتی میں مضمر ہے

وزیراعلیٰ

حکومت تمام قومی اداروں، بار ایسوسی ایشنز اور سیاسی قیادت کے ساتھ مل کر صوبے کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوشش کر رہی ہے

بھارت کے یکطرفہ اقدامات نے دو ایٹمی طاقتوں کو ایک خطرناک تصادم کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے، سپریم کورٹ بار کے صدر سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آج یہاں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر میاں رؤف عطا نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ بار کے نائب صدر بلوچستان محمد اسحاق ترین اور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر میر عطاء اللہ لانگو بھی موجود تھے ملاقات میں مشرقی سرحدوں پر پیدا ہوتے والی حالیہ صورتحال سمیت مختلف اہم قومی و علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان، جو خود دہشت گردی کے المناک واقعات کا شکار رہا ہے، ہر قسم کی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتا ہے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ملک کی سالمیت اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کی جارحیت کا بھرپور اور مؤثر جواب دیا جانا چاہیے۔ اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات خطے میں کشیدگی کو ہوا دے رہے ہیں اور دو ایٹمی طاقتوں کو ایک خطرناک تصادم کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کو ایک انتہائی اشتعال انگیز اقدام قرار دیا گیا، کیونکہ پانی پاکستانی عوام کی زندگی کا بنیادی ذریعہ ہے۔ صدر بار نے ملک بھر کی وکلاء برادری کی جانب سے پاکستان کے مؤقف کے ساتھ مکمل یکجہتی اور ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے قومی اتحاد اور یکجہتی کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا میاں رؤف عطا نے وزیراعلیٰ کو ان ملاقاتوں سے بھی آگاہ کیا جو انہوں نے مختلف قومی سیاسی قائدین سے بلوچستان کے مسائل پر وسیع البنیاد قومی اتفاق رائے کے لیے کیں، جسے وزیراعلیٰ نے سراہا۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل بات چیت، رابطہ کاری اور جمہوری عمل میں مضمر ہے، اور ان کوششوں کو مسلسل جاری رہنا چاہیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام قومی اداروں، بار ایسوسی ایشنز اور سیاسی قیادت کے ساتھ مل کر صوبے کے مسائل کے حل، قانون کی بالادستی اور قومی ہم آہنگی کے لیے سنجیدہ کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ریاستی اداروں اور عوام کو ملک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے یک زبان ہونا ہوگا، اور بلوچستان اس جدوجہد میں ہمیشہ صفِ اول میں رہے گا۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کا وفد ملاقات کر رہا ہے



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سپریم کورٹ بار کے صدر رؤف عطا ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIREC… GENERA… RELATIONS…

نظامت اعلیٰ ت… حکومت ب…

Bullet No. 1

Page No. 14

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | بدھ 7 مئی 2025ء 9 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 125

# بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دینگے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

## امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

## پوری ریاست سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور حکومت شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر دہشت گردوں کی جانب سے کیے گئے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ملکی سلامتی پر حملہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ نام نہاد کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی جانب سے بھارتی ایما پر کیا گیا ایک منظم ریاست مخالف حملہ ہے جس کا مقصد بلوچستان میں بدامنی پھیلانا اور عوام کے حوصلے پست کرنا ہے لیکن قوم اور سیکیورٹی ادارے ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں پاک فوج کے سات جوانوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ "ہم اپنے شہداء کے مقروض ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچا کر دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا، امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کی جائیں گی، اور ایسے عناصر کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا جو معصوم جانوں سے کھیلتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پوری ریاست سوگوار خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور حکومت شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ "قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے یہ قربانیاں ہماری آزادی، خودمختاری اور پرامن مستقبل کی ضمانت ہیں۔" میر سرفراز بگٹی نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں اور صوبے میں قیام امن کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری صمد خان گورگیج کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کا وفد ملاقات کر رہا ہے




سوئی، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سوئی تا کشمور روڈ منصوبے کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

CLIPPING SERVICE

BT Balochistan Ti

Publication of 92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochist

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1091 QUETTA Wednesday May 07, 2025 /Dhu'l-

# Bugti condemns terrorist attacks on security forces, vows retaliation

**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has strongly condemned the cowardly terrorist attack on a security forces vehicle in the Mach area of Kachhi district, terming it an attack on national security. He stated that this tragic incident is a systematic anti-state attack carried out by the banned Baloch Liberation Army (BLA) at the behest of India, aiming to spread unrest in Balochistan and demoralize the people. However, he affirmed that the nation and security agencies will foil all such conspiracies. The Chief Minister said that the martyrdom of seven Pakistan Army soldiers in this cowardly act is a great sacrifice, of which the entire nation is proud. "We are indebted to our martyrs; we will not let their sacrifices go in vain. We will bring the terrorists to their end," he declared. Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti also expressed grief over the martyrdom of Sub-Inspector Zainuddin Tareen in a terrorist attack in Pishin Battezai and saluted the officer who sacrificed his life in the line of duty. The Chief Minister prayed for a high rank for Shaheed Zainuddin and patience for the bereaved family, assuring them of the Balochistan government's support in this hour of grief. Moreover, Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfraz Bugti on Tuesday met with the President of the Supreme Court Bar Association of Pakistan (SCBAP), Mian Rauf Atta, in Quetta. On this occasion, SCBAP Vice President Balochistan, Muhammad Ishaq Notezai, and President of the Balochistan High Court Bar Association, Mir Attaullah Langau, were also present. During the meeting, the two sides discussed a range of important national and regional matters, including the prevailing situation along country's eastern borders. The participants agreed that Pakistan, having endured several tragic incidents of terrorism, strongly condemns all forms of terrorism. They emphasized that any act of aggression against the country's sovereignty should be met with a firm and powerful response. They also expressed grave concern over India's unilateral actions, which are escalating tensions in the region and bringing two nuclear powers dangerously close to confrontation. The suspension of the Indus Waters Treaty was termed a highly provocative move, as water is a fundamental lifeline for the people of Pakistan. The Bar President expressed complete solidarity with Pakistan's position on behalf of the legal fraternity across the country and reaffirmed their commitment to making every possible sacrifice. He also emphasized the need to strengthen national unity and cohesion. Mian Rauf Atta briefed the Chief Minister about his meetings with various national political leaders aimed at building broad-based consensus on the issues facing Balochistan, which was appreciated by the Chief Minister. Both sides agreed that the sustainable resolution of Balochistan's long-standing issues lies in continued dialogue, engagement, and democratic processes.



QUETTA: Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti addressing Hazara Town delegation led by Parliamentary Secretary Samad Khan Gorgage on Tuesday.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUE...

Bullet No. 1

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 16

# فورسز کے نوجوانوں کی قربانیاں روز روشن کی طرح عیاں ہیں، صوبائی وزراء

مچھ میں بزدلانہ حملہ امن کے دشمنوں کی جانب سے بلوچستان کے استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہے، عبدالرحمن کھیتران

دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے ہمارے سیکیورٹی اداروں کے ساتھ عوام شانہ بشانہ ہیں، شعیب نوشیروانی

دہشت گرد عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کے اشاروں پر صوبے میں کارروائیاں قابل مذمت ہیں، بی این پی رہنما صادق عمرانی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے مچھ میں سیکورٹی فورسز پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ بزدلانہ حملہ امن کے دشمنوں کی جانب..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سے بلوچستان کے استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہے جن کو کبھی بھی کامیاب نہیں ہونے دیئے گئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں ریاست کے خلاف کھلی سازشیں ہیں جبکہ بی ایل اے بھارت کی مدد سے بلوچستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کی ناپاک کوششوں میں ملوث ہے دہشت گردوں کی ان بزدلانہ کارروائیوں کا مقصد بلوچستان کے امن کو متاثر کرنا ہے، مگر وہ ناکام ہوں گے بلوچستان کی ترقی اور امن کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کا مقابلہ کریں گے

## مچھ میں سیکورٹی فورسز پر حملہ وطن عزیز کے امن کو سبوتاژ کرنیکی سازش ہے، مینا مجید

ہمیں اپنے شہداء پر فخر ہے جنہوں نے مادر وطن کی حفاظت کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، مشیر کھیل

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی پر ہونے والے بزدلانہ دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ نہ صرف انسانیت سوز ہے بلکہ وطن عزیز کے امن کو سبوتاژ کرنے کی گہری سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ہے، دہشتگرد تنظیمیں وحشت کی روش اپناتے ہوئے صوبے کا امن تباہ کرنے کے درپے ہیں جبکہ ان کو حاصل خاک بھی نہیں ہونا صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے وطن کے ان بہادر سپوتوں کو خراج عقیدت پیش کیا جو اس سانحے میں شہادت کے عظیم رتبے پر فائز ہوئے انہوں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ ہمیں اپنے شہداء پر فخر ہے جنہوں نے مادر وطن کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں نے مزید شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے صوبائی مشیر نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو دہشت گردی کے خلاف یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہونا چاہئے، تا کہ ہم ایک پرامن، مضبوط اور خوشحال بلوچستان کی جانب گامزن ہوسکیں۔

## بھارت کینیڈا و دیگر ممالک میں بھی دہشتگردی میں ملوث ہے، بخت کاکڑ

پاکستان میں دشمن کو جواب دینے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، صوبائی وزیر صحت

پاکستان کی سالمیت اور وقار پر کوئی آنچ آنے نہیں دیں گے، وفود سے ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ جنگ عددی بنیاد پر نہیں جیتی جاسکتی پاک فوج جدید ٹیکنالوجی سے لیس ہے، بھارت کینیڈا اور دیگر ممالک میں بھی دہشتگردی میں ملوث ہے پاکستان کا پہلگام واقعے میں......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئی ہاتھ نہیں مگر پھر بھی اگر بھارت پاگل پن کا مظاہرہ کرنے پر تلا ہوا ہے تو جان لے ہم جھکنے والے نہیں ہیں، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ پاکستان ایٹمی قوت ملک میں دشمن کو جواب دینے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے اگر دشمن نے کوئی غلط قدم اٹھایا تو اس کو منہ کی کھانی پڑے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشتگردی سے متاثرہ ملک ہے اور غیر ملکی معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کا متاثر ہے، دہشتگردی صرف ٹینکوں سے نہیں بلکہ انصاف سے ختم کی جاسکتی ہے بھارت مقبوضہ کشمیر میں ریاستی دہشت گردی میں ملوث ہے، کشمیر بھارت کا حصہ نہیں بلکہ عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازع علاقہ ہے، کشمیر میں گولی نہیں استصواب رائے ہونا چاہئے

انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر طرح سے تیار ہیں، پوری قوم مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے، ہم متاثرہ ہیں، ہم بدلہ نہیں انصاف چاہتے ہیں، پاکستان کی سالمیت اور وقار پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی انسانیت کے خلاف جرم ہے، پاکستان دریائے سندھ کی حفاظت کرے گا، آپ دریا کا رخ موڑ سکتے ہیں مگر انہیں خشک نہیں کر سکتے۔

## خواتین کی زندگی میں مثبت تبدیلی کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، ربابہ خان بلیدی

حکومت اپنی پالیسیوں اور اقدامات کے ذریعے خواتین کے حقوق کو مزید مستحکم کرنے کیلئے کوشاں ہے

خواتین کے مسائل کو حل کرنے کے لئے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے، مشیر ترقی نسواں کی بات چیت

سائرہ عطاء اور مینیجر روبینہ زہری سے صحت، تعلیم و معاشی مواقع فراہم کرنے کے امور پر صلاح مشورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں خواتین کے مسائل کو حل کرنے کے لئے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے اس سلسلے میں صوبائی حکومت اپنی پالیسیوں اور اقدامات کے ذریعے خواتین کے حقوق کو مزید مستحکم کرنے کے لئے کوششوں میں مصروف عمل ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے سیکرٹری ڈبلیو ڈی ڈی سائرہ عطاء اور ویمن کرائسس سنٹر کوئٹہ کی مینیجر روبینہ زہری سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتوں کے دوران کیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین کے لیے صحت، تعلیم اور معاشی مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، تاکہ وہ اپنے معاشرتی کردار کو بہتر طریقے سے ادا کر سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ویمن کرائسس سنٹر خواتین کو ان کے حقوق کے بارے میں آگاہی دینے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ایک اہم ادارہ ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 07 MAY 2025

Page No. 17


## فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں صوبے بھر میں متحرک ہیں، نور محمد دمڑ

**دکاندار جرمانہ ڈیجیٹل چالان کے ذریعے کریں، صوبائی وزیر کی کمپلین باکس نصب کرنیکی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیمیں کوئٹہ شہر سمیت صوبے بھر میں اشیاء خورد و نوش کے معیار کی جانچ اور عوام کو محفوظ و ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کے لئے متحرک ہیں۔ یہ بات انہوں نے بی ایف اے ہیڈ کوارٹر میں جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ معائنہ ٹیمیں قوانین کی خلاف ورزی پر مراکز اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی عمل میں لاتی ہیں اور بی ایف اے ایکٹ 2014 کے تحت جرمانے عائد کئے جاتے ہیں۔ دکانداروں کو جرمانے کی ادائیگی کے لئے ڈیجیٹل چالان جاری کئے جاتے ہیں جس کے ذریعے بینک میں ادائیگی ممکن ہوتی ہے۔ صوبائی وزیر نے واضح کیا کہ بی ایف اے حکام کسی بھی صورت مراکز مالکان سے نقد رقم بطور جرمانہ وصول نہیں کرتے، تاہم حالیہ مشاہدات سے معلوم ہوا ہے کہ بعض عناصر نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے نام پر عوام سے جرمانے کے نام پر رقم وصول کی، جن کا اتھارٹی سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کاروباری حضرات کو ہدایت کی کہ وہ ایسے دھوکہ دہی کے واقعات سے محتاط رہیں اور کسی کو نقد رقم ہرگز ادا نہ کریں۔ اجلاس کے دوران وزیر خوراک نے ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے اور دیگر افسران کو ہدایت دی کہ ابتدائی مرحلے میں کوئٹہ کے مختلف علاقوں اور بعد ازاں دیگر اضلاع میں کمپلین باکسز نصب کئے جائیں جبکہ اتھارٹی کے کمپلینٹ سیل کو بھی مزید موثر و فعال بنایا جائے تاکہ مضر صحت خوراک کا کاروبار کرنے والوں یا بی ایف اے کے عملے کے اختیارات کے غلط استعمال سے متعلق عوامی شکایات وصول کی جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے قیام کا بنیادی مقصد خوراک کے کاروبار کی اصلاح اور عوام تک محفوظ اشیاء خورد و نوش کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے اور اس حوالے سے کسی سطح پر کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

## عوامی مسائل کا تدارک حکومت کی اولین ترجیح ہے، سردار کھیتران

**افسران فرائض ایمانداری سے ادا کریں، اعلانات نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، وفود سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا بروقت تدارک حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ عوام کی فلاح و بہبود سے متعلق معاملات میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار اپنے دفتر میں ملنے والے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے معززین و نمائندہ وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے اپنے علاقوں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد نے بالخصوص فراہمی آب، تعلیمی و طبی سہولیات کی عدم دستیابی، زبوں حالی کا شکار سڑکوں اور بجلی کی طویل بندش جیسے اہم نکات کی نشاندہی کی۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے وفود کے تحفظات کو سنجیدگی اور توجہ سے سنا اور موقع پر ہی متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت تدارک حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ عوام کی فلاح و بہبود سے متعلق معاملات میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے اس امر پر زور دیا کہ محکمے اپنے فرائض منصبی دیانتداری سے ادا کریں اور فیلڈ میں فعال کردار ادا کرتے ہوئے عوام کو درپیش مشکلات کے پائیدار حل کو یقینی بنائیں۔

## بلوچستان میں صحت کے شعبے کو جلد بہتر کیا جائے گا، صوبائی وزیر

**اسپتالوں میں ادویات کی لسٹیں آویزاں کی جائیں گی، بخت محمد کاکڑ، گردہ ہسپتال کا دورہ**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا سیکرٹری صحت مجیب الرحمان کے ہمراہ بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کوئٹہ کا دورہ، دورے کے موقع پر انسٹیٹیوٹ کے ڈاکٹرز اور سرجنز نے وزیر صحت کو بریفنگ دی وزیر صحت نے گردے کے امراض میں مبتلا مریضوں کی عیادت کی اور صحت سے متعلق دریافت کیا کہ ہماری حکومت میں 15 ماہ بعد کڈنی ٹرانسپلانٹ کا بھی آغاز کردیا گیا ہے ٹرانسپلانٹ کے لیے اس سے قبل مریض کراچی اور دیگر صوبوں کو جایا کرتے تھے۔ کوئٹہ انسٹیٹیوٹ میں ماہر ڈاکٹرز اور سرجنز موجود ہیں یہ بات صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے دورے کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وزیر صحت نے عوام کو اسپتالوں میں تمام تر سہولیات کی فراہمی کو بروقت یقینی بنانے کی ہدایت کی وزیر صحت نے دورے کے موقع پر مریضوں اور ان کے رشتہ داروں کی اسپتال میں سہولیات کے فقدان سے متعلق شکایتیں سنیں اور انہیں حل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر صحت نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور وزیر اعلیٰ نے محکمہ صحت کی ذمہ داری دی ہے، محکمہ صحت کو مزید بہتر بنانا ہے میرے آنے سے قبل محکمہ صحت پر ادویات کی کمپنیوں کے 78 کروڑ واجبات تھے وزیر اعلیٰ اور محکمہ خزانہ نے کمپنیوں کے واجبات کی ادائیگی پر سپورٹ کیا انہوں نے کہا کہ جس اسپتال کا دورہ کرتا ہوں مریضوں کی جانب سے ادویات کی عدم فراہمی کی شکایت موصول ہوتی ہے جلد مریضوں کو درپیش مسائل حل کریں گے انہوں نے کہا ہے کہ ماضی میں ادویات کی خریداری کے لیے کوئی گورننس نہیں بنایا گیا تھا جلد اسپتالوں میں دستیاب ادویات کی لسٹیں آویزاں کی جائیں گی۔ وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ پنجاب اور سندھ کے طرز پر ڈاکٹرز اور طبی عملے کو تربیت دی جائے گی بلوچستان میں صحت کے شعبے کو جلد بہتر کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ سے کہا ہے کہ اسپتالوں میں سہولیات کی ضرورت ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 18

## غیر قانونی افراد کی واپسی کے عمل کو تیز کیا جائے، چیف سیکرٹری

**ضلعی انتظامیہ گھر گھر جا کر غیر قانونی افراد کی نشاندہی کرے، شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت غیر قانونی تارکین وطن اور اے سی سی کارڈ ہولڈرز کی باعزت طور پر وطن واپسی کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں صوبائی حکومت کی جانب سے رضا کارانہ طور پر جانے والے اے سی سی کارڈ ہولڈرز اور تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ غیر قانونی تارکین وطن اور اے سی سی کارڈ ہولڈرز کی واپسی پر صوبائی اداروں کے درمیان باہمی رابطہ اور کوآرڈینیشن انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ گھر گھر جا کر غیر قانونی افراد کی نشاندہی کر کے انہیں باعزت طریقے اپنے ملک بھیجنے کا انتظام کرے کیونکہ یہ نیشنل پالیسی ہے اور اس پر عملدرآمد کرنا ہر ایک کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ غیر قانونی افراد کی واپسی کے عمل کو تیز کیا جائے اور اس سلسلے میں روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ مرتب کر کے پیش کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## غیر قانونی تارکین وطن و اے سی سی کارڈ ہولڈرز کی واپسی کا عمل تیز کیا جائے، چیف سیکرٹری

**ضلعی انتظامیہ گھر گھر جا کر غیر قانونی افراد کی نشاندہی اور انہیں باعزت طریقے سے اپنے ملک بھیجنے کا انتظام کرے، شکیل قادر خان**

**غیر قانونی تارکین وطن و اے سی سی کارڈ ہولڈرز کی واپسی پر صوبائی اداروں کے درمیان باہمی رابطہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، زیر صدارت اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت غیر قانونی تارکین وطن اور اے سی سی کارڈ ہولڈرز کی باعزت طور پر وطن واپسی کے حوالے سے اجلاس منعقد جس میں صوبائی حکومت کی جانب سے رضا کارانہ طور پر جانے والے اے سی سی کارڈ ہولڈرز اور تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف سیکرٹری کو تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ غیر قانونی تارکین وطن اور اے سی سی کارڈ ہولڈرز کی واپسی پر صوبائی اداروں کے درمیان باہمی رابطہ اور کوآرڈینیشن انتہائی اہمیت کا حامل ہے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ.....

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

گھر گھر جا کر غیر قانونی افراد کی نشاندہی کر کے انہیں باعزت طریقے اپنے ملک بھیجنے کا انتظام کرے کیونکہ یہ نیشنل پالیسی ہے اور اس پر عملدرآمد کرنا ہر ایک کی ذمہ داری ہے انہوں نے ہدایت کی کہ غیر قانونی افراد کی واپسی کے عمل کو تیز اور اس سلسلے میں روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کی جائے۔

CamScanner

# بلوچستان کی خوشحالی کیلئے اسٹیک ہولڈرز کو ملکر کام کرنا ہوگا، مقررین

## عوام کو دور جدید کی سہولیات اور امن فراہم کرنا تمام اسٹیک ہولڈرز کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے

## حکومت کو بھی صوبے کے عوام کے جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانا ہوگا، بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان تھنک ٹینک نیٹ ورک کے زیر اہتمام بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں صوبہ بلوچستان کے موجودہ حالات اور اسکے مستقبل کے حوالے سے سیمنار کا انعقاد کیا گیا۔ جسمیں مہمان خصوصی سابق گورنر و چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس رامان اللہ خان یاسین زئی کے علاوہ وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ، سابق سفیر آصف خان درانی، ڈی جی بلوچستان سول سروسز اکیڈمی ڈاکٹر حفیظ جمالی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر بی ٹی این ڈاکٹر ظفر خان اور دیگر نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی سابق گورنر و چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس رامان اللہ خان یاسین زئی نے کہا کہ صوبہ بلوچستان کے بقیہ نمبر 33 صفحہ 5 پر

م کو دور جدید کی سہولیات اور امن فراہم کرنا تمام اسٹیک ہولڈرز کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے اور صوبہ کی عوام بھی یہ صوبہ مکمل طور پر اون کرنا ہوگا کیونکہ حقوق اور فرائض ہمارے دین اسلام کے بھی بنیادی اصولوں میں شامل ہے۔ سیمنار میں مقررین نے کہا کہ صوبہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی اقدامات کو مکمل کرنا، سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے اور خوشحال مستقبل کے لئے سب اسٹیک ہولڈرز کو ملکر مکمل دیانتداری سے کام کرنا ہوگا۔ جسمیں گڈ گورننس، میرٹ اور امن و امان کا قیام سرفہرست ہے۔ اور اس میں صوبہ کے مقامی لوگوں کا اونر شپ سب سے اہم ہے جو خود آگے آکر صوبہ کے اسٹیک ہولڈرز سیاسی، مذہبی اور قوم پرست جماعتوں کے ساتھ سول بیوروکریسی کا احتساب کرے۔ جبکہ حکومت کو صوبہ کے عوام کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانا ہوگا۔ تاکہ سی پیک، گوادر پورٹ، ریکوڈک، سیندک اور دیگر فلیگ شپ پراجیکٹس سے پاکستان اور صوبہ بلوچستان کے عوام مستفید ہوسکے۔

# زین الدین ترین نے فرض کی راہ میں جان دیکر تاریخ رقم کی، شاہد رند

## حکومت خاندان کو تنہا نہیں چھوڑے گی، اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند نے پشین بٹے زئی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے سب انسپکٹر زین الدین ترین کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ قابل مذمت ہے اور ابتدائی تحقیقات میں دو مبینہ دہشت گردوں کو گرفتار بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر

کر لیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ شہید کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں صبر و استقامت شہید کے خاندان کا سرمایہ ہے اور ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ زین الدین ترین نے فرض کی راہ میں جان قربان کر کے تاریخ رقم کی حکومت شہید کے خاندان کو تنہا نہیں چھوڑے گی قوم اپنے ہیروز کو کبھی نہیں بھولے گی انہوں نے شہید کی روح کے ایصال ثواب بلند درجات اور لواحقین اور خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

# آئی جی ایف سی ساؤتھ زبیدہ جلال گرلز ہائی اسکول سورومند پہنچ گئے

## طالبات، اساتذہ اور اسکول انتظامیہ سے ملاقات، بھرپور تعاون کی یقین دہانی

تربت (نمائندہ انتخاب) آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا زبیدہ جلال گرلز ہائی اسکول سورومند کا دورہ، آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان نے گزشتہ روز زبیدہ جلال گرلز ہائی اسکول سورومند کا خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے طالبات، اساتذہ بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

اور اسکول انتظامیہ سے ملاقات کی اور تعلیم کے فروغ کے لیے بھرپور تعاون کا یقین دلایا، دورے کے دوران آئی جی ایف سی نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل کی دنیا سائنسی علوم سے وابستہ ہے اور ہماری بیٹیاں جدید سائنسی تعلیم کو اپنا شعار بناتے ہوئے کسی بھی شعبے میں نمایاں مقام حاصل کر سکتی ہیں اس موقع پر اسکول میں فرنیچر، لیبارٹری اور دیگر تعلیمی سہولیات کی کمی کی نشاندہی پر آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے اسکول کے لیے سولر سسٹم کی تنصیب، جدید سائنس لیبارٹری اور فرنیچر کی فراہمی کا اعلان بھی کیا گیا، اساتذہ اور طالبات نے آئی جی ایف سی کے اس دورے کو ایک حوصلہ افزا اقدم قرار دیا اور تعلیمی ترقی کے لیے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 20


## الیکشن کمیشن 3 اسٹریٹجک پلان کامیابی سے مکمل کر چکا، صوبائی الیکشن کمشنر

**بہترین دستاویز کیلئے افسران ورکشاپ میں دلچسپی اور موثر تجاویز دیں، علی اصغر سیال کا خطاب**

کوئٹہ (پ ر) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے چوتھے اسٹریٹجک پلان کے حوالے سے دو روزہ تربیتی ورکشاپ صوبائی ہیڈ کوارٹر آفس کوئٹہ میں منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں متعدد ریجنل الیکشن کمشنرز، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز اور الیکشن افسران نے شرکت کی۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن ابتک تین اسٹریٹجک پلان کامیابی سے مکمل کر چکا ہے اور اب چوتھے پلان کی تیاری پر کام جاری ہے، مذکورہ ورکشاپ اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ ورکشاپ میں دلچسپی لیتے ہوئے موثر اور کارگر تجاویز مرتب کریں تاکہ بہترین دستاویز تیار کی جاسکے۔ بعدازاں ٹریننگ کے حوالے سے تمام شرکاء نے چوتھے اسٹریٹجک پلان کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کیا اور سفارشات پیش کیں، واضح رہے کہ ورکشاپ میں وسیم احمد ڈائریکٹر ایچ آر، ای سی پی اسلام آباد اور شبیر خان ڈپٹی ڈائریکٹر نے بطور ٹرینیز فرائض انجام دیئے۔

## غیر حاضر ملازمین کیخلاف محکمانہ کارروائی ہوگی، سیکرٹری کھیل

**درا بلوچ کا دورہ ایوب سپورٹس کمپلیکس، فٹ بال گراؤنڈ کی حالت پر اظہار برہمی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکرٹری برائے کھیل و امور نوجوانان بلوچستان درا بلوچ نے کہا ہے کہ غیر حاضر ملازمین اور فرائض میں غفلت برتنے والوں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی فٹ بال گراؤنڈ کی حالت دیکھ کر افسوس ہوا جلد ہی کھیلوں کے مقابلے ضلعی، ڈویژن اور صوبائی سطح پر منعقد کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی کھیل ڈاکٹر یاسر بازئی کے ہمراہ ایوب سپورٹس کمپلیکس میں فٹ بال گراؤنڈ کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے گراؤنڈ کی حالت پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بہترین حالت میں اس گراؤنڈ کو چھوڑا تھا صورتحال انتہائی گھمبیر ہے ہم سب کو مل کر ترجیحی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا تمام گراؤنڈز اور وینیوز کا خود ہفتہ وار دورہ کروں گا۔


MASHRIQ QUETTA


## بھارت کا گوادر، کوئٹہ اور خضدار میں دہشتگردی کا منصوبہ بے نقاب

**بھارت کی خفیہ ایجنسی 'را' نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں اپنی پراکسیز کو سرگرم کر دیا، انٹیلی جنس ذرائع**

**بد امنی پھیلانے کیلئے بھارت کے بلوچستان میں دہشت گردی کے واضح ثبوت پہلے ہی منظر عام پر آچکے ہیں**

**دہشت گردی کے منصوبے کے پیچھے بھارت میں پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں بری طرح ناکامی**

اسلام آباد (اے این این) بھارت کا پہلگام فالس فلیگ میں ناکامی کے بعد بلوچستان میں بڑی دہشت گردی کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا۔ انٹیلی جنس ذرائع کے مطابق بھارت کی خفیہ ایجنسی 'را' نے بلوچستان کے مختلف..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

علاقوں میں اپنی پراکسیز کو سرگرم کر دیا۔ انٹیلی جنس ذرائع کا کہنا ہے کہ بھارتی را نے گوادر، کوئٹہ اور خضدار میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے، را نے بی ایل اے، فتنہ الخوارج اور غیر قانونی افغانوں کو ان شہروں میں دہشت گردی کی ہدایات کیں۔

## الیکشن کمیشن کا چوتھا اسٹریٹجک پلان، کوئٹہ میں 2 روزہ تربیتی ورکشاپ

**افسران ورکشاپ میں دلچسپی لیتے ہوئے موثر و کارگر تجاویز مرتب کریں، علی اصغر سیال**

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے چوتھے اسٹریٹجک پلان کے حوالے سے دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد الیکشن کمیشن کے صوبائی ہیڈ کوارٹر آفس کوئٹہ میں ہوا ورکشاپ میں متعدد ریجنل الیکشن کمشنرز، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز اور الیکشن افسران ......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

نے شرکت کی۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا افتتاح کیا انہوں نے اپنے افتتاحی خطاب میں کہا کہ الیکشن کمیشن ابتک تین اسٹریٹجک پلان بڑی کامیابی سے مکمل کر چکا ہے اور اب چوتھے پلان کی تیاری پر کام جاری ہے اور مذکورہ ورکشاپ اسی سلسلے کی ہی کڑی ہے۔ انہوں نے تمام افسران پر زور دیا کہ وہ اس ورکشاپ میں دلچسپی لیتے ہوئے موثر اور کارگر تجاویز مرتب کریں تاکہ بہترین دستاویز کی تیاری جاسکے بعدازاں ٹریننگ کے حوالے سے تمام شرکاء نے چوتھے اسٹریٹجک پلان کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کیا اور سفارشات دیں واضح رہے کی اس تربیتی ورکشاپ میں وسیم احمد ڈائریکٹر (ایچ آر) ای سی پی اسلام آباد اور شبیر خان ڈپٹی ڈائریکٹر نے بطور ٹرینیز فرائض انجام دیئے۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے طلب

**دس ارب درخت سونامی پروگرام کی آڈٹ رپورٹ پیش کی جائے گی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ہوگا اجلاس میں محکمہ زراعت اور محکمہ بہبود آبادی سے متعلق سوالات دریافت اور انکے جوابات دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں زرعی سولرائزیشن اور بجلی چوری کی روک تھام کا مسودہ قانون پیش کیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 21


## اپنے بچوں کا نوالہ دوسروں کے منہ میں ڈالنے نہیں دینگے، پشتون قوم پرست

مائنز اینڈ منرل بل حقوق پر ڈاکہ

### افغان عوام کی بیدخلی انسانی حقوق کے منافی، پشتون بلوچ سیاسی کارکنوں کی غیر قانونی گرفتاری قابل مذمت، رہنماؤں کا جلسے سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتون افغان قوم پرست سیاسی جمہوری جماعتوں کے رہنماؤں نے افغان عوام کیساتھ ناروا رویئے، جبری بیدخلی، جائیدادوں پر قبضے، صوبائی اسمبلی سے ایس آئی ایف سی جیسے غیر آئینی ادارے کی جانب سے بھیجے گئے مائنز اینڈ منرل ایکٹ کی منظوری اٹھارویں ترمیم کو رول بیک کرنے چمن پرلت کے برحق مطالبات شناختی کارڈ اور تذکیرے پر آمدورفت وتجارت کو رواں رکھنے کمسن طالب علم مصور کاکڑ کے گزشتہ چھ ماہ سے اغوا اور تاحال عدم بازیابی پشتونخوا اور بلوچستان میں مسلط دہشت گردی پشتون بلوچ سیاسی کارکنوں کی غیر قانونی حراست صوبہ بھر میں مقامی قبائل کے آباؤ اجداد کی زمینوں پر الاٹمنٹ کے نام پر قبضہ کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغانوں کے خلاف امریکہ چین سعودی عرب پاکستان اور ایران کا مشترکہ گٹھ جوڑ پرامن افغانستان کی حاکمیت اور استقلال کے خلاف سازش تھی، افغانوں کو یہاں آباد کر کے افغانستان کو کھنڈرات میں تبدیل کیا گیا، آج انہیں تضحیک آمیز طریقے سے بیدخل کرنا اقوام متحدہ کے چارٹر اور انسانی حقوق کے منافی عمل ہے، مائنز اینڈ منرل بل پشتون بلوچ ہزارہ اقوام کے حق پر ڈاکہ ہے فارم 47 کے نتیجے میں اقتدار پر براجمان ٹولے کی اسمبلی سے اس کیلئے کی گئی قانون سازی کی کوئی حیثیت نہیں اور نہ ہی کسی کو اس پر قبضہ جمانے دیا جائے گا۔ 77 سال سے پاکستان کے نام پنجاب کی آبادی کیلئے لئے گئے قرضوں کی ادائیگی آج ہمارے وسائل پر قبضہ گیری سے پورا کرنے کے خواب، ہم خواب ہی رہنے دیں گے اور اس کے خلاف ہر سطح پر آواز اٹھائی جائے گی۔ کمسن طالب علم مصور کاکڑ کی تاحال عدم بازیابی حکمرانوں کے منہ پر طمانچہ ہے جس اذیت سے یہ خاندان گزشتہ چھ ماہ سے گزر رہا ہے یہ انسانیت کے ماتھے پر سیاہ دھبہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ زیرے پشتون تحفظ موومنٹ کے صوبائی کوآرڈی نیٹر نور باچا ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی نائب چیئرمین عزیزاللہ ہزارہ نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے سیکرٹری جنرل مزمل شاہ زبیر شاہ اور ندا سنگر نے باچاخان چوک پر احتجاجی جلسے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسے کی صدارت اے این پی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی نے کی۔ مقررین نے کہا کہ افغان عوام کیساتھ جو رویہ رکھا گیا ہے وہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ایس آئی ایف سی کے ذریعے یہاں کے وسائل کی لوٹ مار اور اسے اسمبلی سے آئینی تحفظ دینا قابل گرفت عمل ہے، اپنے بچوں کا نوالہ کسی صورت دوسروں کی جھولی میں ڈالنے کے لئے تیار نہیں۔ مقررین نے کہا کہ کمسن طالب علم مصور کاکڑ کی تاحال عدم بازیابی حکمرانوں کے امن وامان سے متعلق بلند و بانگ دعوے کی نفی ہے، جلسہ جلوس کی اجازت نہ دینے والے مصور کاکڑ کو بازیاب کریں، اغوا کاروں کو گرفتار کر کے سرعام کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ مقررین نے انسانی تاریخ کے طویل ترین دھرنا چمن پرلت کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ پرلت کمیٹی کی جانب سے پیش کئے گئے مطالبات یعنی شناختی کارڈ اور تذکیرے پر تجارت اور آمدورفت کو بحال کیا جائے اس کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ آج ایک ادارہ ریاست کے تحفظ کے نام پر تمام اداروں پر غیر آئینی طریقے سے حملہ آور ہے۔ اس سے پہلے میٹروپولیٹن کے سبزہ زار سے اصغر اچکزئی نصراللہ زیرے مزمل شاہ نور باچا عزیز اللہ ہزارہ کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی گئی جو انسکمب روڈ، ضلع کچہری، منان چوک، قندھاری بازار سے ہوتی ہوئی باچاخان چوک پر احتجاجی جلسے کی شکل اختیار کر گئی۔


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان میں لاپتا افراد کی بازیابی کیلئے بااختیار کمیشن بنایا جائے

حافظ نعیم

### پارٹیز کانفرنس بلائی جائے، بھارت کی جانب سے پانی روکنا آبی جارحیت ہے، پوری قوم کو مجاہد بنانا ہوگا

### نواز شریف نے آج تک بھارت کی دہشت گردی پر کوئی بیان نہیں دیا، اگر علاج کروا رہے ہیں تو بھارت کے مظالم پر آواز تو اٹھائیں

لاہور (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ بھارت فالس فلیگ آپریشنز کر کے عالمی رائے عامہ کو گمراہ کرتا ہے، بریفنگ سے کام نہیں چلے گا، پاک بھارت کشیدگی پر آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے، انہوں نے مطالبہ کیا بجٹ میں ایک لاکھ 20 ہزار ماہانہ آمدن کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار ... پروفیشنل طبقے کی حوصلہ شکنی کر رہا ہے، حکومت صرف اشرافیہ کو فائدہ دے رہی ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے


بقیہ نمبر 16 صفحہ 5 پر


ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پانی روکنا آبی جارحیت ہے، نیتن یاہو کی طرح مودی کو بھی امریکا کی پشت پناہی حاصل ہے۔ حافظ نعیم کا کہنا تھا پہلگام واقعے کے فوری بعد بھارتی میڈیا نے جنگی جنون بھڑکانا شروع کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بھارت اور اسرائیل کے درمیان گٹھ جوڑ صرف دفاعی نوعیت کا نہیں بلکہ نظریاتی ہے۔ یہ گریٹر اسرائیل اور اکھنڈ بھارت کا خواب دیکھتے ہیں۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 22

## پشین: فائرنگ سے سب انسپکٹر شہید، جوابی کارروائی میں دہشتگرد ہلاک

دوسرا گرفتار، شہید چھٹی پر گھر آیا تھا، دہشت گردوں کی گرفتاری بڑی کامیابی ہے، وزیراعلیٰ، حکومتی ترجمان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشین کے علاقے بے زئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے چمن پولیس کا سب انسپکٹر شہید ہوگیا، شہید چھٹی پر گھر آیا تھا۔ سی ٹی ڈی اور لیویز نے بروقت سرچ آپریشن کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشت گرد کو ہلاک جبکہ دوسرے کو گرفتار کرکے اسلحہ بعد سی ٹی ڈی اور لیویز نے بروقت سرچ آپریشن کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشت گرد کو ہلاک جبکہ دوسرے کو گرفتار کرکے اسلحہ اور موٹر سائیکل قبضے میں لے لی۔ پشین سے نامہ نگار کے مطابق مقتول سب انسپکٹر شہید زین الدین ترین کو پشین کے علاقے کلی لوئی علیزئی میں اپنے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، قبل ازیں پشین پولیس لائن میں ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور پولیس کے چاک و چوبند دستے نے انہیں سلامی دی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پشین بے زئی میں سب انسپکٹر زین الدین ترین کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے دہشت گردوں کے حملے میں فرض کی راہ میں جان قربان کرنے والے سپوت کو سلام پیش کیا ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ اللہ شہید زین الدین کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے غم کی اس گھڑی میں حکومت بلوچستان شہید کے اہل خانہ کے ساتھ ہے، انہوں نے لیویز کی فوری اور کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ دو مبینہ دہشت گردوں کی گرفتاری امن کی جدوجہد میں بڑی کامیابی ہے، وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امن دشمنوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کی جائے گی اور انہیں انکے منطقی انجام تک ہر صورت پہنچایا جائے گا۔ علاوہ ازیں ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند نے شہید ہونے والے سب انسپکٹر زین الدین ترین کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ قابل مذمت ہے اور ابتدائی تحقیقات میں دو مبینہ دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ شہید کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، صبر و استقامت شہید کے خاندان کا سرمایہ ہے اور ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں، ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ زین الدین ترین نے فرض کی راہ میں جان قربان کر کے تاریخ رقم کی حکومت شہید کے خاندان کو تنہا نہیں چھوڑے گی قوم اپنے ہیروز کو کبھی نہیں بھولے گی۔

## مستونگ: گاڑی پر فائرنگ سے خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق

معجزانہ طور پر دوسری خاتون محفوظ رہی، جاں بحق افراد کلی عمر کانک میں سپرد خاک کردیے گئے

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ میں گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خاتون سمیت تین افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جبکہ دوسری خاتون معجزانہ طور پر محفوظ رہی تفصیلات کے مطابق منگل کی صبح ساڑھے نو بجے کے قریب مستونگ کے نواحی علاقے ولی خان تیری روڈ کلی ہزار خان کے قریب نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں خاتون سمیت تین افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے جبکہ گاڑی میں سوار دوسری خاتون معجزانہ طور پر فائرنگ سے محفوظ رہی جاں بحق افراد کا تعلق عمر آباد کانک سے تھا جو کانک سے نادرا آفس مستونگ جارہے تھے جاں بحق ہونے والوں میں حاجی محمد اعظم سالانی آغا محمد سالانی اور خاتون شامل ہیں جو سالانی قومی تحریک کے چیئرمین میر احمد چلتن وال کے قریبی رشتہ دار بتائے جاتے ہیں واقعہ کے بعد ملزمان آسانی کے ساتھ فرار ہوگئے لیویز/مستونگ انتظامیہ نے لاشیں ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردیں تاہم واقعہ کی وجوہات فوری طور پر معلوم نہ ہوسکیں دریں اثناء جاں بحق افراد کو آبائی قبرستان کلی عمر آباد میں سپرد خاک کردیا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## خدارا میرے بیٹے کو آزاد کریں وہ بے قصور ہے، والدہ کی اپیل

[illegible]

کوئٹہ (پ ر) منگچر سے پانچ روز قبل لاپتہ ہونے والے اے ایس آئی غلام سرور کی والدہ اور بچوں کی دل دہلا دینے والی اپیل، گنداپی سے قیدیوں کو لے کر کوئٹہ جاتے ......

بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے جمعہ کے روز اے ایس آئی غلام سرور کو دیگر چار اہلکاروں سمیت اغواء کیا گیا، لیکن تاحال نہ ان کا کوئی سراغ ملا نہ ہی کوئی پیشرفت سامنے آئی ہے۔ غلام سرور کی والدہ نے روتے ہوئے کہا میرا بیٹا بے قصور ہے، خدارا اُسے رہا کریں اُس کی معصوم بچی اور معذور بیٹا رو رو کر نڈھال ہوگئے، ہم انصاف مانگ رہے ہیں

## کوئٹہ میں بیوی نے دوسری شادی کرنے پر شوہر کو قتل کردیا

ناراض بیوی نے چار گولیاں ماریں نعمت اللہ موقع پر ہلاک، ملزمہ گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں بیوی نے دوسری شادی کرنے پر شوہر کو فائرنگ کرکے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے علاقے خلجی کالونی ......

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

، اسپنی روڈ پر ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں شوہر کی دوسری شادی پر ناراض بیوی نے اسے چار گولیاں ماریں جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔

## اوستہ محمد نوجوان کی نعش برآمد

اوستہ محمد (آن لائن) کوٹ لی کی نوجوان کی نعش برآمد جس کی شناخت نثار سے ہوئی تفصیلات کے مطابق سٹی تھانہ حدود گوٹھ غریب آباد کے قریب 28 سالہ نوجوان کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد جسکی اطلاع پولیس کو دی گئی پولیس نے نعش ہسپتال منتقل مقتول کا تعلق جیکب آباد سے بتایا جارہا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## منگچر واقعہ 5 روز گزر گئے مغوی پولیس اہلکاروں اور مفرور قیدیوں کا سراغ نہ مل سکا

مغوی اہلکاروں کے گھروں میں صف ماتم کا سماں، لواحقین کی آہ و بکا فریادیں، سوشل میڈیا پر وائرل اہلکاروں کی رہائی کی اپیلیں

حب (نمائندہ انتخاب) منگچر واقعہ 5 روز گزر گئے مغوی پولیس اہلکاروں اور مفرور قیدیوں کا سراغ نہ مل سکا مغوی اہلکاروں کے گھروں میں صف ماتم کا سماں لواحقین کی آہ و بکا فریادیں سوشل میڈیا پر وائرل اہلکاروں کی رہائی کی اپیلیں بازیابی کیلئے کوشاں ہیں SP حب کی گفتگو تفصیلات کے مطابق منگچر واقعہ کو 5 دن گزرنے کے باوجود تاہنوز نہ تو مغوی 5 پولیس اہلکاروں کا کوئی سراغ مل سکا ہے اور نہ ہی مفرور 10 قیدیوں کے حوالے سے کوئی پیش رفت سامنے آئی ہے ادھر حب ڈسٹرکٹ پولیس سے تعلق رکھنے والے مقامی پولیس اہلکاروں کے گھروں میں واقعہ کے بعد صف ماتم چھاگئی ہے لواحقین کی جانب سے سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو پیغامات میں انکا کہنا ہے کہ انکے بچے انکے گھروں اور اپنے خاندانوں کے واحد کفیل تھے اور جب یہ واقعہ ہوا انکے گھروں میں ماتم کا سماں ہے اور وہ رو رو کر انکی آنکھوں کے آنسو خشک ہوگئے ہیں لواحقین

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

نے اپنے پیاروں کی رہائی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ انکی زندگیوں پر رحم کیا جائے تاہم اس حوالے سے SSP حب سید فاضل شاہ کا کہنا ہے کہ پولیس ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ افسران اور دیگر ادارے مغوی اہلکاروں کی واپسی کے حوالے سے کوشاں ہیں اور وہ علاقے کے قبائلی عمائدین سمیت دیگر پلیٹ فارمز پر رابطے کررہے ہیں اور وہ مغوی اہلکاروں کے لواحقین سے بھی رابطے میں ہیں۔

## چاغی، پولیس اور کار چوروں میں فائرنگ کا تبادلہ، 2 اہلکار زخمی

چور گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگئے، پولیس کی جانب سے ملزمان کی سرگرمی سے تلاش

چاغی (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع چاغی میں دھارو بازار کے قریب پولیس اور گاڑی چوروں کے مابین فائرنگ کے تبادلے میں 2 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے ہیں واقعہ کے بعد ملزمان رفوچکر ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دھارو بازار میں پولیس نے ایک مشکوک گاڑی کو

بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر

روکنے کا اشارہ کیا تو گاڑی میں سوار افراد نے پولیس پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے جنہیں اسپتال منتقل کرکے طبی امداد دی جارہی ہے جہاں زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر بتائی جارہی ہے۔ ملزمان پولیس کی جوابی کارروائی کے بعد فرار ہوگئے ہیں۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق گاڑی ایک پولیس اہلکار کے والد کی ملکیت تھی جو کچھ عرصہ قبل نوشکی سے چوری ہوئی تھی اس سلسلے میں مزید تحقیقات جاری ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

TE
UBLIC
CHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 23

# کچھی کالعدم بی ایل اے کے حملے میں پاک فوج کے 7 جوان ش

پاک فوج کی گاڑی پر سڑک کے کنارے بم حملہ مچھ کے علاقے میں ہوا، شہید ہونے والوں میں صوبیدار عمر فاروق عمر 42 سال سکنہ کراچی، نا

حملے کے بعد دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا تاکہ اس بزدلانہ جرم میں شریک دہشتگرد دو

پاکستان کی سکیورٹی فورسز قوم کی حمایت سے بلوچستان کے امن، ترقی واستحکام سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہیں، ایسی ق

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے کہا ہے کہ بھارت کی پراکسی کالعدم تنظیم بلوچستان لبریشن آرمی ا کے بلوچستان کے ضلع کچھی میں ایک حملے میں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 24


## سریاب روڈ توسیع منصوبے سے متعلق تجاوزات کیخلاف آپریشن

### سریاب روڈ کے اطراف میں قائم غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ نے سریاب روڈ توسیع منصوبے کے تحت دوکانی بابا چوک اور رئیسانی روڈ پر بڑے پیمانے پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سریاب سعد بن کلیم نے ایس ڈی او اور دیگر متعلقہ اداروں کے ہمراہ کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران سریاب روڈ کے اطراف میں قائم غیر قانونی تعمیرات اور دکانوں کو مکمل طور پر مسمار کر دیا گیا، جو کہ سڑک کی توسیع میں رکاوٹ بن رہے تھے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سریاب روڈ کو شہریوں کے لئے کشادہ اور خوبصورت بنانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس سلسلے میں کسی قسم کی تجاوزات کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے متعدد مرتبہ عوام کو آگاہی دی اور غیر قانونی قابضین کو از خود تجاوزات ہٹانے کے لئے مہلت دی گئی تھی، مگر مقررہ مدت کے بعد کارروائی عمل میں لانا ناگزیر ہو گیا۔ کارروائی کے نتیجے میں بڑی مقدار میں سرکاری زمین واگزار کرائی گئی ہے جو کہ سریاب روڈ کی توسیع میں استعمال ہوگی۔ اس منصوبے کی تکمیل سے ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی۔ اور حادثات میں کمی آئے گی اور شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت حاصل ہوگی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ یہ کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی اور کسی قسم کے دباؤ یا مداخلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ترقیاتی منصوبوں میں تعاون کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated 07 MAY 2025 Page No. 28

# بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود اولین ترجیحات میں شامل ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے پہلگام واقعے کے بعد سے ہندوستان کے اشتعال انگیز رویے کے نتیجے میں جنوبی ایشیاء میں موجودہ کشیدگی پر پاکستان کی شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان کو واقعے سے جوڑنے کی کسی بھی کوشش کو واضح طور پر مسترد کردیا جبکہ پاکستان نے پیشکش کی ہے کہ پہلگام واقعے کے پس پردہ حقائق کا پتہ لگانے کے لیے بین الاقوامی شفاف، غیر جانبدار اور معتبر تحقیقات کرائی جائیں۔ اسلامی جمہوریہ ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے ایران کے شہر بندر عباس میں ہونے والے المناک دھماکے کے نتیجے میں قیمتی جانوں کے ضیاع اور سینکڑوں افراد کے زخمی ہونے پر ایرانی وزیر خارجہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے اپنے پیاروں کو کھونے والوں کے لیے دعا کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔ وزیراعظم نے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور صدر مسعود پیزشکیان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے ایران کے شہر بندر عباس میں

ہونے والے المناک دھماکے کے نتیجے میں قیمتی جانوں کے ضیاع اور سینکڑوں افراد کے زخمی ہونے پر ایرانی وزیر خارجہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے اپنے پیاروں کو کھونے والوں کے لیے دعا کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔ وزیراعظم نے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور صدر مسعود پیزشکیان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران کے ساتھ اپنے تاریخی، گہرے برادرانہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ صدر پیزشکیان کے ساتھ اپنی متعدد ملاقاتوں اور حالیہ ٹیلی فون کال کو یاد کرتے ہوئے وزیراعظم نے پاکستان ایران دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، توانائی، سرحدی انتظام اور علاقائی رابطوں میں تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے پہلگام واقعے کے بعد سے ہندوستان کے اشتعال انگیز رویے کے نتیجے میں جنوبی ایشیاء میں موجودہ کشیدگی پر پاکستان کی شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان کو واقعے سے جوڑنے کی کسی بھی کوشش کو واضح طور پر مسترد کردیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے پیشکش کی ہے کہ پہلگام واقعے کے پس پردہ حقائق کا پتہ لگانے کے لیے بین الاقوامی شفاف، غیر جانبدار اور معتبر تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس تمام صورتحال میں پاکستان نے انتہائی ذمہ داری سے کام لیا ہے جبکہ دوسری طرف بھارت نے جموں و کشمیر کے تنازعہ سے دنیا کی توجہ ہٹانے کے لیے میڈیا کے ذریعے پراپیگنڈا شروع کر رکھا ہے جو کہ جنوبی ایشیاء میں عدم استحکام کی بنیادی وجہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنا اور اسے آبی جارحیت کے طور پر استعمال کرنا ناقابل قبول ہے کیونکہ پانی پاکستانی عوام کے لیے ریڈلائن کی حیثیت رکھتا ہے۔ وزیراعظم نے خطے میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے ایران کے ساتھ مل کر کام کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر خارجہ عراقچی نے ایرانی قیادت کی طرف سے وزیراعظم کو تہنیتی پیغام پہنچایا اور پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط بنانے اور جنوبی ایشیاء میں امن واستحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے ایران کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے صدر پیزشکیان کی طرف سے وزیراعظم کو اس سال کے دوران ایران کا سرکاری دورہ کرنے کی دعوت کا بھی اعادہ کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی ملاقات، بلوچستان کی امن وامان، ترقیاتی، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے وزیراعظم کو بلوچستان کی امن وامان، ترقیاتی اور مخلوط حکومت سمیت پارٹی امور اور آئندہ مالی سال کے بجٹ حوالے سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں گورنر بلوچستان نے وزیراعظم کو پہلگام واقعے کے بعد بھارتی جارحیت کے تناظر میں بلوچستان کی جانب سے مکمل تعاون اور یکجہتی کا یقین دلایا۔ اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان اور اس کے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد ہی بلوچستان کے پارٹی امور اور مجموعی حالات سے متعلق صوبے کا دورہ کریں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 27

# People Centric Budget for Balochistan

As the Government of Balochistan prepares to table its second fiscal year budget, the expectations of its people are higher than ever. Last year, the newly formed government faced the daunting task of navigating unfamiliar terrain limited experience, bureaucratic hurdles, and economic constraints. This year, however, the provincial cabinet and administrative machinery are more seasoned. The time has come for Balochistan to move beyond trial runs and deliver a pro-people, development-oriented budget that addresses both immediate needs and long-term growth. The budget must reflect the real demands of Balochistan's people improved healthcare, quality education, employment opportunities, and infrastructure development while ensuring strong collaboration between the Planning & Development Department, federal government, and other provinces. Given the province's unique challenges security concerns, underdeveloped districts, and a struggling economy this budget cannot afford to be a mere financial document; it must be a blueprint for hope. The previous budget was a test of governance for the new administration. While some progress was made in allocations for health and education, execution remained weak due to, Lack of coordination between departments. Delayed fund releases, causing lags in development projects. Insufficient focus on grassroots needs (e.g., water scarcity in Gwadar, poor road networks in rural areas). This year, the government must ensure, timely disbursement of funds with strict accountability. Project-based budgeting (e.g., CPEC-linked infrastructure must see tangible progress). Transparency in spending to rebuild public trust.

Balochistan has the lowest literacy rate in Pakistan (around 43%). The budget must focus on increase allocation for school construction,

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 28

teacher training, and student stipends. Introduce vocational training programs linked to CPEC job opportunities. Establish IT hubs in Quetta, Turbat, and Gwadar to empower youth. With high infant mortality rates and poor hospital facilities, the budget should, upgrade district hospitals and rural health centers. Launch mobile health units for remote areas. Allocate funds for emergency medical responses in conflict-prone zones. Complete pending road networks (e.g., Quetta-Karachi Highway). Invest in clean water projects (drought-hit regions like Chagai). Boost Gwadar's development (electricity, port facilities, housing). Subsidize seeds, fertilizers, and modern farming techniques. Develop cold storage facilities to reduce post-harvest losses.

Promote fisheries and livestock sectors along the coastal belt. Budget must be Pro people budget, it should translate into, no new taxes on essential commodities (flour, fuel, medicines). Subsidized utilities (electricity, gas) for low-income households. Direct cash transfers for widows, disabled persons, and flood affectees, support for small businesses through interest-free loans. The budget must reflect, joint projects with Sindh/Punjab (e.g., energy-sharing agreements). Federal grants for security and CPEC stability. Inter-provincial trade incentives to boost Balochistan's economy. The upcoming budget is not just about numbers it's about Balochistan's survival and revival. The government must prove its commitment by, Listening to public demands (through pre-budget consultations). Prioritizing execution over announcements. Fostering inter-provincial harmony for collective progress. If Balochistan's leadership rises to the occasion, this budget could mark the turning point from decades of neglect to an era of prosperity. The people are watching; the time to act is now.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated 07 MAY 2025 Page No. 29

# بلوچستان میں تعمیرِ نو کا وعدہ کتنا ممکن، کتنا مؤثر؟

تحریر: ظفر اللہ خان

بلوچستان میں جب بھی کوئی قدرتی آفت آتی ہے، تو چند دنوں کے لیے اخبارات اور بیانات میں ہلچل سی مچ جاتی ہے۔ تصویریں شائع ہوتی ہیں، وعدے کیے جاتے ہیں، اور پھر وقت گزرنے کے ساتھ سب کچھ مدھم ہو جاتا ہے، بس وہ تباہی باقی رہ جاتی ہے جسے مقامی لوگ برسوں اپنے کندھوں پر ڈھوتے ہیں۔ 2022 کے تباہ کن سیلاب نے یہ حقیقت ایک بار پھر اجاگر کی کہ وقتی ریلیف ضروری ضرور ہے، مگر کافی نہیں۔

اب جب وزارتِ منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات ، بلوچستان کی صوبائی قیادت اور عالمی بینک کی شراکت سے "منصوبہ برائے بحالی سیلاب زدگان (IFRAP)" سامنے آیا ہے، تو پہلا تاثر یہی ہے کہ شاید یہ کوشش ماضی کے انداز سے مختلف ہو۔

افراپ کے مختلف حصوں پر نظر ڈالیں تو ارادہ یہ ہے کہ سیلاب سے متاثرہ سہولیات کو بحال کیا جائے (مثلاً عمارتیں، سڑکیں)، زرعی زمینوں کی حفاظت ممکن بنائی جائے ، موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت کو بہتر بنایا جائے ، اور متاثرہ خاندانوں کو نئے گھروں کی تعمیر کے لیے مالی اور تکنیکی مدد فراہم کی جائے۔ ان مختلف اجزا کے ارد گرد افراپ کا مکمل دائرہ کار بنایا گیا ہے، جو بظاہر متاثر کن ہے۔ اس منصوبے کو موجودہ حکومت کے "اڑان پاکستان" پروگرام کا حصہ قرار دیا گیا ہے، اور دعویٰ کیا گیا ہے کہ یہ محض ایک امدادی پیکج نہیں بلکہ ایک طویل اصلاحاتی عمل ہے۔

منصوبے میں ایک بات جو توجہ کھینچتی ہے، وہ "کمیونٹی اونرشپ" ماڈل ہے، جہاں گھر بنانے کی ذمہ داری متاثرہ خاندانوں کو دی جا رہی ہے۔ ان کے نام پر بینک اکاؤنٹس کھولے جا رہے ہیں اور تصدیق کے بعد رقم براہِ راست انہیں منتقل کی جا رہی ہے جس سے انکے گھروں کی تعمیر کا کام تیز رفتاری سے جاری ہے۔ یہ ماڈل، اگر جذبے سے نافذ ہو، تو یقیناً شفافیت اور خود انحصاری کے لیے ایک مؤثر قدم ہو سکتا ہے۔ تاہم یہی وہ جگہ ہے جہاں سوال بھی جنم لیتے ہیں۔

کیا تمام مستحق خاندانوں تک یہ عمل ایک جیسا اور بروقت پہنچے گا؟ کیا مقامی سطح پر وہ انتظامی صلاحیت موجود ہے جو اتنے بڑے عمل کو مؤثر اور منصفانہ طریقے سے آگے بڑھا سکے؟ اور سب سے بڑھ کر، کیا متاثرہ افراد کو اتنی مکمل رہنمائی دی جا رہی ہے کہ وہ اس خود مختاری کو مثبت طریقے سے استعمال کر سکیں؟

ایک لاکھ سے زائد چھوٹے منصوبوں کو بیک وقت 32 اضلاع میں شروع کرنا یقیناً ایک بڑا قدم ہے، لیکن اتنی بڑی وسعت میں معیار اور شفافیت کو برقرار رکھنا آسان نہیں۔ افراپ کا انتظامی نظام، جس میں وفاقی اور صوبائی سطح پر مخصوص یونٹس شامل ہیں ، بیشک متاثر کن طریقے سے ترتیب دیا گیا ہے، مگر ان کی کارکردگی کا تعین متاثرہ اضلاع میں نظر آنے والے عملی بدلاؤ سے ہی ہوگا، نہ کہ کاغذی رپورٹوں سے۔

اس منصوبے کا ایک اور پہلو جو امید دلاتا ہے وہ ہے "ہائیڈرو میٹ سروسز" کی بہتری کا عزم، جس کے ذریعے موسمیاتی پیشگوئی اور فیصلوں کی بروقت فراہمی ممکن بنائی جا رہی ہے۔ یہ ان پہلوؤں میں سے ہے جو اکثر منصوبوں میں شامل تو ہوتے ہیں مگر کبھی ترجیح نہیں بنتے۔ اگر اس بار اس پر سنجیدگی سے عمل ہوا تو یہ بلوچستان کی آئندہ نسلوں کے لیے ایک مضبوط حفاظتی ڈھال بن سکتا ہے۔

یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ یہ منصوبہ اپنی روح کے مطابق مکمل ہو پائے گا یا نہیں، مگر یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ نیت، اس بار بظاہر درست دکھائی دیتی ہے۔ افراپ کی عمل درآمد میں جس طرح وفاقی اور صوبائی حکومت یکسر جڑے ہیں ، یہ اشتراک نہ صرف سیاسی ہم آہنگی کی علامت ہے بلکہ اس خیال کی بھی تقویت دیتا ہے کہ بلوچستان کی بحالی اور پائیدار ترقی صرف مقامی سطح پر نہیں، بلکہ قومی سطح پر بھی ایک ترجیح بن چکی ہے۔

بلوچستان کی عوام اس وقت صرف ایک چیز چاہتی ہیں: سنجیدگی۔ اگر یہ منصوبہ واقعی سنجیدگی سے مکمل ہوتا ہے، اگر مقامی لوگوں کو فیصلوں میں شامل کیا جاتا ہے، اور اگر ہر وعدہ وقت پر پورا ہوتا ہے تو یہ صرف ایک پراجیکٹ نہیں رہے گا ، بلکہ شاید اس خطے اور ریاست کے درمیان اعتماد کی ایک نئی بنیاد بن جائے گا۔ شکریہ۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated 0 / MAY 2025 Page No. 30

# نصیرآباد ڈویژن، ترقی کے نئے دور میں داخل روشن اور خوشحال مستقبل کی طرف گامزن

تحریر۔۔نیک محمد ڈپٹی ڈائریکٹر۔

نصیرآباد ڈویژن، جوکہ بلوچستان کا دل تصور کیا جاتا ہے، آج کل ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہو چکا ہے۔ یہ علاقہ جو کئی دہائیوں تک محرومیوں اور مسائل کا شکار رہا، اب تیزی سے ایک روشن اور خوشحال مستقبل کی طرف گامزن ہے۔ اس ترقی کا سہرا اُن قیادتوں کے سر ہے جنہوں نے محض وعدوں پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنایا۔ ان میں خاص طور پر میر محمد صادق عمرانی اور بابا غلام رسول عمرانی کا کردار قابلِ تحسین ہے، جن کی عوامی خدمت، خلوص اور ویژنری سوچ نے اس خطے کی تقدیر بدلنے کا بیڑا اُٹھایا اگر بات کی جائے ترقی کی تو انسانی ترقی کی بنیاد بنیادی ضروریات کی فراہمی پر ہے۔ پانی، خوراک، صحت اور تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ نصیرآباد میں سب سے پہلے پانی کی قلت جیسے اہم مسئلے کو ہدف بنایا گیا۔ پٹ فیڈر اور کیرتھر کینال جیسے اہم آبی ذرائع کی صفائی اور پانی کی منصفانہ تقسیم کے اقدامات اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ زراعت کو ایک ترجیحی شعبہ قرار دیا گیا ہے۔ یہ وہی زراعت ہے جس پر مقامی معیشت کا دارومدار ہے اور جو ہزاروں خاندانوں کے لیے ذریعہ معاش ہے۔ اس میں بہتری لائے بغیر ترقی ممکن نہیں کیونکہ یہ ڈویژن دریائی پانی سے آباد ہوتی ہے اور صوبے کی معاشی ترقی اور خوشحالی کے ساتھ ساتھ لوگوں کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں اس حوالے سے پٹ فیڈر کینال اور کیرتھر کینال زراعت کی پیداواری صلاحیتوں میں نمایاں رہی ہیں اور ان دونوں بڑی کینالز کو صوبے اور ملک کی ترقی میں نمایاں مقام حاصل ہیاب جبکہ کچھی کینال منصوبہ بھی تیزی سے اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے جو بلوچستان میں سبز انقلاب برپا ہوگا جس سے نہ صرف علاقے کی ترقی کا موجب بنے گی بلکہ مجموعی طور پر ملک اور صوبے میں خوشحالی لانے میں اہم کردار ادا کریگی اس کے علاوہ نصیرآباد ڈویژن کے لوگوں کے لئے ایک خوشی کی لہر اس وقت سننے میں آئی جب صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے ہیلتھ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی صحت کے میدان میں نمایاں پیش رفت کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہمیشہ سے ایک بڑا چیلنج رہا ہے، مگر حالیہ اقدامات نے اس خلا کو پُر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ nicvd۔ گمبٹ طرز کے جدید دل کے اسپتال کی منظوری سے نہ صرف اس ڈویژن کے لیے بلکہ پورے بلوچستان کے لیے ایک انقلابی قدم ہے۔ اس اسپتال کی بدولت اب مریضوں کو دیگر شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا اور انہیں مقامی سطح پر جدید علاج میسر آئے گا یہ ایک بلوچستان کے لوگوں کے لئے صدر پاکستان آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے ایک تحفہ ہے یہ بات قابل ذکر ہے کہ کسی بھی قوم کی ترقی کا دارومدار بہتر اور معیاری تعلیم پر منحصر ہوتا ہے کیونکہ تعلیم روشن مستقبل کی کنجی اور ترقی کا اصل چہرہ تعلیم میں پوشیدہ ہے۔

جب ایک قوم تعلیم یافتہ ہو جاتی ہے تو وہ نہ صرف اپنے مسائل کا حل خود تلاش کرتی ہے بلکہ ایک مضبوط ریاست کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ نصیرآباد ڈویژن میں میڈیکل کالج کی تعمیر، بلوچستان ریزیڈینشل کالج، اوتھل یونیورسٹی کیمپس اسی وژن کا عملی مظہر ہے۔ یہ ادارے نہ صرف نصیرآباد بلکہ گرد و نواح کے علاقوں کے نوجوانوں کے لیے ایک سنہری موقع فراہم کرے گے تاکہ وہ معیاری تعلیم حاصل کر کے ملک کی قیادت میں اپنا کردار ادا کر سکیں ان کے ساتھ ساتھ ڈیرہ مراد جمالی کے شہری پچھلے کئی دہائیوں سے الاٹمنٹ کے مسائل سے دوچار تھے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے عہدہ سنبھالتے ہی پہلا کام الاٹمنٹ کا کیا ڈیرہ مراد جمالی کے عوام کے لیے زمینوں کی الاٹمنٹ کا فیصلہ اُن خوابوں کی تعبیر ہے جو سالوں سے ادھورے تھے۔ یہ اقدام ان لوگوں کو اپنی چھت کا مالک بنانے کی طرف ایک اہم پیش رفت ہے جن کے پاس رہائش کی سہولت موجود نہ تھی۔ یہ صرف ایک سرکاری اعلان نہیں بلکہ انسانیت کے وقار کی بحالی ہے اگر بات کی جائے قیادت کی سنجیدگی اور خلوص کی تو یہ تمام ترقیاتی منصوبے اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر قیادت نیک نیت، بااخلاق، اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو تو تبدیلی ناممکن نہیں۔

میر محمد صادق عمرانی اور بابا غلام رسول عمرانی کی قیادت نے یہ واضح کر دیا ہے کہ ترقیاتی منصوبے صرف اعلانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے مکمل ہوتے ہیں۔ اُن کی قیادت میں نصیرآباد ڈویژن آج نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک رول ماڈل کے طور پر ابھر رہا ہے اس پیش رفت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ نصیرآباد کی حالیہ ترقی صرف انفراسٹرکچر کی تعمیر یا اعلانات کی حد تک محدود نہیں، بلکہ یہ ایک جامع حکمت عملی.. کا حصہ ہے جو انسانی ترقی کے تمام پہلوؤں کو محیط کرتی ہے۔ عوام میں ایک نئی اُمید پیدا ہو چکی ہے، اور وہ خود کو اس تبدیلی کا حصہ سمجھنے لگے ہیں۔ اگر یہی رفتار اور نیت برقرار رہی تو وہ دن دور نہیں جب نصیرآباد نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں ترقی، خوشحالی اور استحکام کی پہچان بن جائے گا ایک بات کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ کمشنر نصیرآباد ڈویژن معین الرحمن خان و ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے نصیرآباد ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں کو نہ صرف پایہ تکمیل تک پہنچانے میں بلکہ ان کے معیار کو یقینی بنانے کیلئے جس طرح جانفشانی سے کوششیں کی وہ لائق تحسین ہیں اور اگر بات کی جائے پٹ فیڈر کینال اور کیرتھر کینال کی بھل صفائی وان کے ترقیاتی منصوبوں کی تو ان کو مقررہ وقت میں مکمل کروانے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 07 MAY 2025 Page No. 31

# رائے/ علاقائی ترقی، سیکورٹی کے بغیر خوشحالی ممکن نہیں: گوادر کا چیلنج

تحریر: قیصر نواب

گوادر پورٹ صرف ایک انفراسٹرکچر منصوبہ نہیں، بلکہ پاکستان کے لیے علاقائی روابط اور اقتصادی ترقی کا مستقبل ہے۔ مکران کے ساحل پر واقع یہ گہرے پانیوں کی بندرگاہ جنوبی ایشیا، مشرق وسطی اور وسطی ایشیاء کو آپس میں جوڑنے کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے اندازہ ہے کہ یہ بندرگاہ 2035 تک سالانہ 400 ملین ٹن کارگو سنبھالنے اور 1,50,000 ملازمتیں پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے لیکن ان تمام خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کے لیے سب سے پہلا اور بڑا مسئلہ سیکورٹی کا ہے، جسے فوری حل کرنا ناگزیر ہے سیکورٹی کی صورتحال اب بھی غیر مستحکم ہے 2018 سے اب تک 18 سنگین حملے رپورٹ ہو چکے ہیں جن میں پورٹ کی تنصیبات، چینی کارکنان اور پاکستانی سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنایا گیا یہ حملے نہ صرف عدم استحکام پیدا کرتے ہیں بلکہ سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بھی مجروح کرتے ہیں اور منصوبوں کی بروقت تکمیل میں رکاوٹ بنتے ہیں اس کے علاوہ سرحد پار اسمگلنگ جیسے مسائل بھی موجود ہیں، جس کے تحت گوادر کی مقامی ایندھن مارکیٹ کا تقریباً 15 فیصد حصہ غیر قانونی نیٹ ورکس کے کنٹرول میں ہے یہ نیٹ ورکس نہ صرف مقامی معیشت کو نقصان پہنچاتے ہیں بلکہ گورننس کو بھی خطرے میں ڈالتے ہیں ان مسائل کا حل صرف فوجی اقدامات نہیں بلکہ ایک جامع حکمت عملی سے ممکن ہے نگرانی کے جدید نظام، سمندری سیکیورٹی اور فوری رسپانس ٹیمیں ضرور ضروری ہیں، لیکن پائیدار امن صرف مقامی آبادی کی شمولیت اور اقتصادی ترقی سے ممکن ہے خاص طور پر مقامی بلوچ ماہی گیر برادری کو گوادر کی ترقی میں شریک کار بنانا ہوگا مقامی بھرتیوں، تربیتی پروگراموں اور منصفانہ معاوضے کی فراہمی جیسے اقدامات سے ہی عوام کا اعتماد حاصل کیا جاسکتا ہے ایک محفوظ اور مکمل طور پر فعال گوادر پورٹ پاکستان کے لیے گیم چینجر ثابت ہوسکتی ہے ماہی گیری جیسے شعبے میں 220 ملین ڈالر اضافی سالانہ آمدن ممکن ہے اس کی جغرافیائی اہمیت، خاص طور پر آبنائے ہرمز کے قریب ہونے کی وجہ سے، اسے خطے کی توانائی اور تجارتی راہداری بنا سکتی ہے لیکن یہ سب کچھ تبھی ممکن ہے جب سیکیورٹی اور استحکام کو یقینی بنایا جائے

آگے بڑھنے کے لیے ہمیں بیک وقت سیکیورٹی اور ترقی دونوں پر زور دینا ہوگا جدید ٹیکنالوجی، تربیت یافتہ فورسز، شفاف مشاورت، اور عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسیاں اپنانا ہوں گی۔ گوادر ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے ترقی کی یہ شاہراہ اسی وقت قابل حصول ہے جب ہم سیکورٹی کو ترقیاتی حکمت عملی کا مرکز بنائیں۔

# سابق وزیراعظم کی نئی جماعت ملکی سیاست کے منظر نامے پر کیا تبدیلیاں لائے گی



## کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

سابق وزیراعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی نے گزشتہ دنوں بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کا اپنے ساتھیوں کے ہمراہ دورہ کیا، وفد میں سابق وزیراعلیٰ و گورنر خیبر پختونخوا سردار مہتاب خان عباسی، سابق وفاقی وزیر صحت ڈاکٹر ظفر مرزا بھی شامل تھے۔ اپنے دورے کے دوران انھوں نے صوبے کی مختلف سیاسی وقبائلی شخصیات اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقاتوں کے علاوہ وکلاء، صحافیوں اور چیمبر آف کامرس کے عہدیداروں سے بھی خطاب کیا۔ اس دوران انہوں نے بلوچستان میں اپنی جماعت عوام پاکستان پارٹی کی بنیاد ڈالتے ہوئے صوبائی عہدیداروں کا بھی انتخاب کیا اور کوئٹہ میں باضابطہ پارٹی سیکرٹریٹ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ دورے کے دوران انہوں نے میر سرفراز بگٹی، بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، پشتونخواہ نیپ کے سربراہ خوشحال کاکڑ سے خصوصی طور پر ملاقاتیں کیں، اور بلوچستان کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ بعض سیاسی حلقے خاقان عباسی کی سراوان ہاؤس آمد اور سابق سینیٹر لشکری رئیسانی سے ہونے والی ملاقات کو اہمیت دے رہے ہیں، ان کے مطابق خاقان عباسی اور لشکری رئیسانی کے درمیان صوبے کے اجتماعی قومی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا جس میں لشکری رئیسانی نے بلوچستان کا مقدمہ پیش کرتے ہوئے بعض ایسے سوالات ومعاملات اٹھائے ہیں جن پر شاہد خاقان اور اسکے ساتھیوں نے بلوچستان کے عوام کو مطمئن کرنے کی یقین دہانی کرائی، اس حوالے سے سراوان ہاؤس میں دونوں رہنماؤں نے مشترکہ پریس کانفرنس بھی کی جس میں دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی ملاقات میں جن نقاط پر بات چیت کی گئی ان کی وضاحت اور تفصیلات سامنے آئیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق شاہد خاقان وفاق سمیت چاروں صوبوں میں جو قومی جماعت تشکیل دینے جارہے ہیں ان کے مطابق پاکستان میں عوام قومی سیاست کرنے والی بڑی سیاسی ومذہبی جماعتوں سے مایوس ہوگئے ہیں اور وہ ایک ایسی سیاسی جماعت کے منتظر ہیں جوکہ ملک سے موروثی سیاست کا خاتمہ کرکے عوام کے اندر سے ایسی قیادت کو ابھارے جو عوام کے بنیادی مسائل سے بخوبی آگاہ ہو اور انہیں حل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہو، اپنی جماعت اور اسکے عوامی منشور کو متعارف کرانے کیلئے وہ پاکستان بھر کا دورہ کررہے ہیں اور عوام کی توجہ حاصل کرنے کیلئے اپنے بیانیے کو آگے بڑھارہے ہیں۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ دیکھنا یہ ہے کہ شاہد خاقان کو اپنے بیانیہ پر عوام کی طرف سے کتنی پذیرائی ملتی ہے؟ ان کی نئی سیاسی جماعت بنانے کی بنیاد بلوچستان ہی ہے۔ کیونکہ خاقان عباسی کو 2021ء میں کوئٹہ میں ہونے والے پاکستان کے تصور نو کانفرنس سے پذیرائی حاصل ہوئی، جس کانفرنس کی میزبانی میر لشکری خان رئیسانی کررہے تھے کانفرنس سے شاہد خاقان عباسی، نوابزادہ لشکری رئیسانی کے علاوہ سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر، سابق وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی اور بلوچستان کی سیاسی قیادت نے بھی خطاب کیا جس کے بعد یہ کانفرنس توجہ کا مرکز بنیں اور چاروں صوبہ میں ان کا اہتمام کیا گیا۔ کانفرنسز سے حاصل ہونیوالی عوامی تائید اور پذیرائی کے بعد شاہد خاقان نے ن لیگ سے اپنی راہیں جدا کرتے ہوئے نئی سیاسی جماعت تشکیل دینے کا اعلان کیا تاہم وہ مفتاح اسماعیل کے علاوہ پاکستان بھر میں ہونے والی ان کانفرنسز کے خالق نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، مصطفیٰ نواز کھوکھر اور سابق وفاقی وزیر خواجہ محمد خان ہوتی کو پارٹی میں شامل کرانے میں ناکام رہے، اپنے دورہ کوئٹہ کے دوران مختلف فورم پر بات کرتے ہوئے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ بلوچستان کا نوجوان مایوس ہے یہ ممکن نہیں کہ بلوچستان میں بدامنی ہو اور ملک اس کے اثرات سے محفوظ رہے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ آئین سے انحراف ہی اصل میں مسائل کی جڑ ہے، بلوچستان کے عوام کو حقوق ملنے چاہیں اور لاپتہ افراد کو سامنے لایا جائے تاکہ بلوچستان میں جو مایوسی پھیل رہی ہے اس کا خاتمہ ہو، اسکے علاوہ حقیقی نمائندگی ہی بلوچستان کے تمام مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ادھر بلوچستان اسمبلی سے منظور ہونیوالے مائینز ومنرل بل کے حوالے سے حکومت اور اپوزیشن جماعتوں میں بڑی لے دے ہورہی ہے اس معاملے نے اس وقت سر اٹھایا جب بلوچستان اسمبلی نے مائنز ومنرل بل 2025 کی اتفاق رائے سے اپوزیشن جماعتوں کی موجودگی میں منظوری دی اور بڑی اپوزیشن جماعت جمیعت علماء اسلام ف کے قائد ورکن قومی اسمبلی مولانا فضل الرحمٰن نے اپنی جماعت کے پارلیمانی ارکان کی اس بل کی حمایت پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے نوٹس جاری کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ بلوچستان اسمبلی کے حالیہ سیشن کے دوران اپوزیشن جماعتوں خصوصاً جمیعت علماء اسلام ف نے حکومت پر یہ الزام عائد کرتے ہوئے اسمبلی اجلاس سے واک آوٹ کیا کہ ہم نے جو بل قائمہ کمیٹی میں فائل کیا وہ ڈرافٹ اسمبلی میں پیش نہیں کیا گیا بل کو بدلا گیا ہے۔ اس واک آوٹ میں اپوزیشن جماعت بی این پی عوامی کے سربراہ ورکن صوبائی اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ نے ساتھ نہیں دیا اور توجہ دلاؤ نوٹس پر ایوان میں کھڑے ہوکر انہوں نے اپوزیشن جماعتوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بل کی منظوری میں حصہ ڈالنے کے بعد اب یہ جماعتیں نوپی ڈرامہ کررہی ہیں کیا سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ورکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو پڑھنا نہیں آتا انہوں نے ٹیبل پر رکھا بل پڑھا نہیں ہے ان کے ایسے ریمارکس کے بعد نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی وسابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ایوان میں آکر ان الفاظ پر سخت احتجاج کیا جس پر ایوان میں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، خیر جان بلوچ اور اسد بلوچ کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بل کی ایوان سے منظوری پر وضاحت کی کہ بل کے حوالے سے اپوزیشن کو اعتماد میں لیا گیا تھا، تاہم اپوزیشن جماعتوں کو اس حوالے سے کچھ تحفظات ہیں تو حکومت اس کے ساتھ دوبارہ بیٹھنے کو تیار ہے، بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن رکن اسمبلی اور حق دو تحریک کے رہنما مولانا ہدایت الرحمان نے بلوچستان کے عوام سے مائنز اینڈ منرل بل کی منظوری کے دوران مخالفت نہ کرنے پر معافی مانگی ہے ان کا کہنا تھا کہ بل کی منظوری کے وقت وہ ایوان میں موجود تھے گوکہ انہوں نے اس بل کی حمایت نہیں کی لیکن انہیں اسکی بھرپور مخالفت کرنی چاہیے تھی جس کیلئے وہ صوبے کے عوام سے معافی کے طلب گار ہیں۔ اسی طرح بی این پی عوامی کے رکن اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ کا کہنا تھا کہ وہ بل کی منظوری کے دن اسمبلی ہال میں نہیں تھے اگر ہوتے تو وہ اس کی بھرپور مخالفت کرتے۔ وہ آج بھی اس بل کے مخالف ہیں اور آگے چل کر بھی وہ اسکی مخالفت کرینگے، صوبے کے دیگر قوم پرست سیاسی جماعتیں بھی اس بل کی مخالفت کررہی ہیں اور لشکری رئیسانی نے اس بل کو بلوچستان کے عوام کا سودا کرنے سے تعبیر کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں جب بھی موقع ملا وہ اس بل کو واپس کرانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائینگے کیونکہ یہ وفاق میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ساتھ صوبے کے وسائل کا سودا کیا گیا ہے۔ ●





